هٰذَا حَلٰلٌ وَّ هٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ

هٰذَا	حَلٰلٌ	وَّ	هٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ
یہ	حلال ہے	اور	یہ	حرام ہے	بہتان باندھو	اوپر	اللہ کے	جھوٹا

یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھو

اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ ﴿۱۱۶﴾

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا	يُفْلِحُوْنَ
بیشک	وہ جو	بہتان باندھتے ہیں	اوپر	اللہ کے	جھوٹے	نہیں	کامیاب ہوتے

بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہو گا۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ

مَتَاعٌ	قَلِيْلٌ	وَّ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَعَلَى	الَّذِيْنَ
فائدہ ہے	تھوڑا سا	اور	واسطے ان کے	عذاب ہے	دردناک	اور اوپر	ان کے جو

یہ تھوڑا سا فائدہ ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور یہودیوں پر ہم

Marfat.com

هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ مَا

هَادُوْا	حَرَّمْنَا	مَا	قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَ	مَا
یہودی ہوئے	ہم نے حرام کیا	جو	بیان کیا ہم نے	آپ پر	پہلے سے	اور	نہیں

نے وہ چیزیں جو آپ سے پہلے بیان کر چکے ہیں حرام کی تھیں اور ہم نے

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ
ظلم کیا ہم نے ان پر	لیکن	تھے وہ	اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	پھر	بیشک	آپ کا رب

ان پر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود اپنے اوپر ظلم کیا کرتے تھے۔ پھر بے شک آپ کا رب

لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

لِلَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
انکو جنہوں نے	عمل کیے	برے	نادانی سے	پھر	توبہ کی انہوں نے	اس کے بعد

ان لوگوں کیلئے جنہوں نے نادانی سے برائی کی پھر اس کے بعد توبہ کر لی

وَ اَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع

وَ	اَصْلَحُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور	اصلاح کی	بیشک	آپ کا رب	اس کے بعد	یقیناً بخشنے والا	مہربان ہے

اور ٹھیک ہو گئے (تو) یقیناً آپ کا رب اس کے بعد ضرور بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَ لَمْ يَكُ

اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	كَانَ	اُمَّةً	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيْفًا	وَ	لَمْ	يَكُ
بیشک	ابراہیم	تھے	امام	فرمانبردار	اللہ کے لیے	ایک رخ	اور	نہیں	تھے وہ

بے شک ابراہیم علیہ السلام ایک امام تھے اللہ کے فرمانبردار باطل سے الگ حق کی طرف مائل رہنے والے

Marfat.com

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۭ اِجْتَبٰىهُ

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	شَاكِرًا	لِّاَنْعُمِهٖ	اِجْتَبٰىهُ
مشرکوں سے	شکرگزار	اس کی نعمتوں کا	چن لیا اسے

اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ کے احسانوں پر شکر کرنے والے

وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا

وَهَدٰىهُ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَاٰتَيْنٰهُ	فِي الدُّنْيَا
اور ہدایت دی اسے	طرف	راہ	سیدھی کی	اور دی ہم نے اس کو	دنیا میں

اللہ تعالیٰ نے انہیں چن لیا اور سیدھی راہ دکھائی۔ اور ہم نے انہیں دنیا میں

حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ۭ ثُمَّ

حَسَنَةً	وَ	اِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ	ثُمَّ
بھلائی	اور	بیشک وہ	آخرت میں	یقیناً نیکوں سے ہیں	پھر

بھلائی دی اور یقیناً آخرت میں وہ نیک لوگوں میں سے ہوں گے۔ پھر ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا

اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	اَنِ	اتَّبِعْ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا	وَ	مَا
وحی کی ہم نے	آپ کی طرف	یہ کہ	پیروی کرو	دین	ابراہیم	حنیف کی	اور	نہیں

آپ کی طرف وحی کی کہ ابراہیم علیہ السلام کے طریقے کی پیروی کرو جو یک سو تھے اور

كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى

كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّمَا	جُعِلَ	السَّبْتُ	عَلَى
تھے وہ	شرک کرنے والوں سے	سوائے اس کے نہیں کہ	بنایا گیا	ہفتہ	اوپر

وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ سبت (ہفتہ کی عبادت کا دن) انہی لوگوں کیلئے مقرر گیا تھا

Marfat.com

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ
ان کے جنہوں نے	اختلاف کیا	اس میں	اور	بیشک	آپ کا رب	ضرور فیصلہ کرے گا	ان میں

جنہوں نے اس میں اختلاف کیا اور بے شک آپ کا رب روزِ قیامت کو ان کے درمیان اس بات

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ اِلٰى

يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اُدْعُ	اِلٰى
دن	قیامت کے	اس میں	جو تھے	اس میں	اختلاف کرتے	بلاؤ	طرف

کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اپنے رب کے

سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

سَبِيْلِ	رَبِّكَ	بِالْحِكْمَةِ	وَالْمَوْعِظَةِ	الْحَسَنَةِ
راہ	اپنے رب کی	حکمت	اور نصیحت	اچھی سے

راستہ کی طرف بلائیے حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

وَجَادِلْهُمْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ
اور بحث کروان سے	اس طرح	کہ وہ	بہت اچھی ہو	بیشک	آپ کا رب	وہ	خوب جانتا ہے

اور ان پر حجت قائم کیجئے احسن طریقہ سے بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٢٥﴾

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ
اس کو جو	گمراہ ہوا	اس کی راہ سے	اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانے والوں کو

ان لوگوں کو جو اس کی راہ سے بھٹکے اور وہ خوب جانتا ہے راہ ہدایت پانے والوں کو۔

Marfat.com

وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَ لَئِنْ

وَ	اِنْ	عَاقَبْتُمْ	فَعَاقِبُوْا	بِمِثْلِ	مَا	عُوْقِبْتُمْ	بِهٖ	وَ	لَئِنْ
اور	اگر	سزادو تم	تو سزا دو	مثل	اس کے جو	تم سزا دیے گئے	اسکے ساتھ	اور	اگر

اور (اے مسلمانوں) اگر تم انہیں سزا دو تو ایسی ہی سزا دو جیسی تمہیں تکلیف پہنچائی گئی اور اگر تم

صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَ اصْبِرْ وَ مَا

صَبَرْتُمْ	لَهُوَ	خَيْرٌ	لِّلصّٰبِرِيْنَ	وَ	اصْبِرْ	وَ	مَا
تم صبر کرو	تو وہ	بہتر ہے	صبر کرنے والوں کے لیے	اور	صبر کریں	اور	نہیں ہے

صبر کرو تو بے شک صبر بہت اچھا ہے صبر کرنے والوں کیلئے۔ اور اے محبوب ﷺ آپ صبر کریں

صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ لَا تَكُ

صَبْرُكَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	وَ	لَا	تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	تَكُ
آپ کا صبر	مگر	ساتھ اللہ کے	اور	نہ	غم کھائیں	ان پر	اور	نہ	ہوا کریں آپ

اور آپ کا صبر اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان کا غم نہ کھاؤ اور ان کے

فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

فِيْ ضَيْقٍ	مِّمَّا	يَمْكُرُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا
تنگی میں	اس سے جو	تدبیر کرتے ہیں	بیشک	اللہ	ساتھ	ان کے ہے جو	پرہیزگار ہیں

فریبوں سے آپ کا دل تنگ نہ ہوں۔ بے شک اللہ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں

وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع

ع ۱۶ ۲۲

وَّالَّذِيْنَ	هُمْ	مُّحْسِنُوْنَ
اور وہ لوگ جو	گروہ	نیکی کرنے والے ہیں

اور جو نیکیاں کرتے ہیں۔

Marfat.com

ایاتھا ۱۱۱ | ۱۷ سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَكِّیَّةٌ ۵۰ | رکوعاتھا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی

سُبْحٰنَ	الَّذِیْٓ	اَسْرٰی	بِعَبْدِهٖ	لَیْلًا	مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا
پاکی ہے اسے	جس نے	سیر کرائی	اپنے بندے کو	رات میں	مسجد حرام سے	مسجد اقصیٰ تک

پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) کو رات کے خاص حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کی

الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ

الَّذِیْ	بٰرَكْنَا	حَوْلَهٗ	لِنُرِیَهٗ	مِنْ اٰیٰتِنَا	اِنَّهٗ	هُوَ
وہ کہ	برکت رکھی ہم نے	اس کے گرداگرد	تاکہ دکھائیں ہم اسے	اپنی نشانیاں	بیشک وہ	وہی ہے

طرف جس کے آس پاس ہم نے برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بیشک وہ سننے والا

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ

السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ	وَ	اٰتَیْنَا	مُوْسَی	الْكِتٰبَ	وَ	جَعَلْنٰهُ	هُدًی	لِّبَنِیْٓ
سننے والا	دیکھنے والا	اور	عطا فرمائی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب	اور	بنایا ہم نے اس کو	ہدایت	واسطے بنی

اور دیکھنے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی اور اسے بنی

اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا ② ؕ ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ

اِسْرَآءِیْلَ	اَلَّا	تَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِیْ	وَكِیْلًا	ذُرِّیَّةَ	مَنْ	حَمَلْنَا	مَعَ
اسرائیل کے	یہ کہ نہ	پکڑو	میرے سوا	کوئی کارساز	اولاد	اس کی جو	اٹھایا ہم نے	ساتھ

اسرائیل کیلئے ہدایت کیا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ۔ وہ ان کی نسل میں سے تھے جنہیں ہم نے نوح علیہ السلام کے

Marfat.com

نُوۡحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبۡدًا شَكُوۡرًا ۝۳ وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ فِى الۡكِتٰبِ

فِي الْكِتٰبِ	اِسْرَآءِيْلَ	بَنِيٓ	اِلٰى	قَضَيْنَآ	وَ	شَكُوْرًا	عَبْدًا	كَانَ	اِنَّهٗ	نُوْحٍ
کتاب میں	اسرائیل کے	بنی	طرف	وحی کی ہم نے	اور	شکر گذار	بندہ	تھا	بیشک وہ	نوح کے

ساتھ سوار کیا تھا بیشک وہ ایک شکر گزار بندے تھے۔ اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل کو بتا دیا تھا

لَتُفۡسِدُنَّ فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ۝۴ فَاِذَا

فَاِذَا	كَبِيْرًا	عُلُوًّا	لَتَعْلُنَّ	وَ	مَرَّتَيْنِ	فِي الْاَرْضِ	لَتُفْسِدُنَّ
پھر جب	بہت بڑی	بڑائی	بڑائی کرو گے	اور	دوبار	زمین میں	کہ ضرور فساد کرو گے تم

کہ "تم زمین میں دوبار فساد کرو گے اور خوب سرکشی کرو گے۔ تو جب

جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰٮهُمَا بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ

اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ	لَّنَآ	عِبَادًا	عَلَيْكُمْ	بَعَثْنَا	اُوْلٰىهُمَا	وَعْدُ	جَآءَ
سخت لڑائی والے	اپنے	بندے	تم پر	تو بھیجے ہم نے	پہلا دونوں سے	وعدہ	آیا

ان میں سے پہلے وعدہ کا موقع آیا تو ہم نے تم پر اپنے ایسے بندے مسلط کر دیے جو خوب طاقتور تھے تو وہ شہروں

فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ۝۵ ثُمَّ رَدَدۡنَا لَـكُمُ الۡكَرَّةَ

الْكَرَّةَ	لَكُمُ	رَدَدْنَا	ثُمَّ	مَّفْعُوْلًا	وَعْدًا	وَكَانَ	الدِّيَارِ	خِلٰلَ	فَجَاسُوْا
حملہ	تمہارے لیے	لوٹایا ہم نے	پھر	پورا ہونے والا	وعدہ	اور تھا	شہروں کے	اندر	تو وہ گھس گئے

میں تمہاری تلاش کیلئے پھیل گئے اور (یہ) ایک وعدہ تھا جسے ضرور پورا ہونا تھا۔ پھر ہم نے تمہارا غلبہ ان پر لوٹا دیا

عَلَيۡهِمۡ وَاَمۡدَدۡنٰكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ وَجَعَلۡنٰكُمۡ اَكۡثَرَ نَفِيۡرًا ۝۶ اِنۡ

اِنْ	نَفِيْرًا	اَكْثَرَ	وَجَعَلْنٰكُمْ	بَنِيْنَ	وَ	بِاَمْوَالٍ	اَمْدَدْنٰكُمْ	وَ	عَلَيْهِمْ
اگر	جتھے والا	زیادہ	اور بنایا ہم نے تمہیں	بیٹوں سے	اور	مالوں	مدد کی ہم نے تمہیں	اور	ان پر

اور مال اور بیٹوں کے ساتھ تمہاری مدد فرمائی اور تمہاری تعداد بڑھا دی۔ اگر تم

Marfat.com

اَحۡسَنۡتُمۡ اَحۡسَنۡتُمۡ لِاَنۡفُسِكُمۡ ۟ وَاِنۡ اَسَاۡتُمۡ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ

وَعۡدُ	جَآءَ	فَاِذَا	فَلَهَا	اَسَاۡتُمۡ	اِنۡ	وَ	لِاَنۡفُسِكُمۡ	اَحۡسَنۡتُمۡ	اَحۡسَنۡتُمۡ
وعدہ	آیا	پھر جب	تو اسی کیلئے ہے	تم برائی کرو	اگر	اور	اپنی جانوں کیلئے	تو اسی کے لیے ہے	تم نیکی کرو

اچھا کام کرو گے تو اپنے لیے اچھا کرو گے اور اگر تم بُرا کام کرو گے تو وہ بھی اپنے لیے کرو گے پھر جب دوسرے وعدے کا موقع آیا

الۡاٰخِرَةِ لِيَسُوۡٓءٗا وُجُوۡهَكُمۡ وَلِيَدۡخُلُوا الۡمَسۡجِدَ كَمَا دَخَلُوۡهُ اَوَّلَ

اَوَّلَ	دَخَلُوۡهُ	كَمَا	الۡمَسۡجِدَ	لِيَدۡخُلُوا	وَ	وُجُوۡهَكُمۡ	لِيَسُوۡٓءٗا	الۡاٰخِرَةِ
پہلی	داخل ہوئے تھے	جیسے	مسجد میں	تا کہ داخل ہوں	اور	تمہارا منہ	کہ بگاڑ دیں	پچھلا

تا کہ وہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور مسجد میں داخل ہو جائیں جس طرح وہ پہلی بار اس میں داخل ہوئے تھے۔

مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوۡا مَا عَلَوۡا تَتۡبِيۡرًا ۝۷ عَسٰى رَبُّكُمۡ اَنۡ يَّرۡحَمَكُمۡ ۚ وَاِنۡ

اِنۡ	وَ	يَّرۡحَمَكُمۡ	اَنۡ	رَبُّكُمۡ	عَسٰى	تَتۡبِيۡرًا	مَا عَلَوۡا	لِيُتَبِّرُوۡا	وَ	مَرَّةٍ
اگر	اور	رحم کرے تم پر	یہ کہ	تمہارا رب	قریب ہے	برباد کرنا	جس پر غالب آئیں	تا کہ برباد کریں	اور	مرتبہ

اور تا کہ جس چیز پر بھی ان کا غلبہ ہوا سے برباد کر دیں۔ قریب ہے تمہارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر

عُدۡتُّمۡ عُدۡنَا ۘ وَجَعَلۡنَا جَهَنَّمَ لِلۡكٰفِرِيۡنَ حَصِيۡرًا ۝۸ اِنَّ هٰذَا

هٰذَا	اِنَّ	حَصِيۡرًا	لِلۡكٰفِرِيۡنَ	جَهَنَّمَ	جَعَلۡنَا	وَ	عُدۡنَا	عُدۡتُّمۡ
یہ	بیشک	قید خانہ	کافروں کا	دوزخ کو	بنایا ہم نے	اور	ہم پھر سزا دینگے	پھر کرو گے

شرارت کرو تو ہم پھر عذاب کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کا قید خانہ بنایا ہے۔ بے شک یہ

الۡقُرۡاٰنَ يَهۡدِىۡ لِلَّتِىۡ هِىَ اَقۡوَمُ وَيُبَشِّرُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ الَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ

يَعۡمَلُوۡنَ	الَّذِيۡنَ	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	يُبَشِّرُ	وَ	اَقۡوَمُ	هِىَ	لِلَّتِىۡ	يَهۡدِىۡ	الۡقُرۡاٰنَ
عمل کرتے ہیں	وہ جو	مومنوں کو	خوشخبری دیتا ہے	اور	بہت سیدھی ہے	کہ وہ	اس راہ کی	ہدایت دیتا ہے	قرآن

قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بہت ہی سیدھی ہے اور مومنوں کو جو درست عمل کرتے ہیں

وقف لازم

Marfat.com

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ	لَهُمْ	اَجْرًا	كَبِيْرًا	وَّاَنَّ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
اچھے	بیشک	ان کیلئے	ثواب ہے	بہت بڑا	اور بیشک	وہ جو	نہیں	ایمان لاتے	ساتھ آخرت کے

بشارت دیتا ہے کہ ان کیلئے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کیلئے ہم نے

اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۧ﴿۱۰﴾ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ

ع

اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	وَ	يَدْعُ	الْاِنْسَانُ	بِالشَّرِّ	دُعَآءَهٗ	بِالْخَيْرِ
تیار کیا ہم نے	ان کیلئے	عذاب	دردناک	اور	مانگتا ہے	انسان	برائی	جیسے مانگتا ہے	بھلائی

دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور انسان شر کے لیے اس طرح دعا کرتا ہے جس طرح وہ بھلائی کے لیے

وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ

وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	عَجُوْلًا	وَ	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	وَ	النَّهَارَ	اٰيَتَيْنِ	فَمَحَوْنَآ	اٰيَةَ
اور ہے	انسان	جلد باز	اور	بنایا ہم نے	رات	اور	دن کو	دو نشانیاں	پھر مٹادی ہم نے	نشانی

دعا کرتا ہے۔ اور انسان بڑا جلد باز ہے۔ اور ہم نے رات اور دن (اپنی قدرت کی) دو نشانیاں بنائیں

الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

الَّيْلِ	وَ	جَعَلْنَآ	اٰيَةَ	النَّهَارِ	مُبْصِرَةً	لِّتَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّكُمْ
رات کی	اور	بنائی ہم نے	نشانی	دن کی	روشن	تا کہ ڈھونڈو	فضل	اپنے رب کا

پھر ہم نے رات کی نشانی اندھیری اورتاریک بنائی اور دن کی نشانی کو روشن بنا دیا تاکہ تم

وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ

وَ	لِتَعْلَمُوْا	عَدَدَ	السِّنِيْنَ	وَالْحِسَابَ	وَ	كُلَّ	شَيْءٍ	فَصَّلْنٰهُ
اور	تا کہ جانو	گنتی	سالوں کی	اور حساب	اور	ہر	چیز کو	ہم نے جدا جدا بیان فرمادی

اپنے رب کا فضل تلاش کرواور جان لو برسوں کی گنتی اور (دوسرا) حساب اور ہم نے ہر چیز کو

Marfat.com

تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ

يَوْمَ	لَهٗ	نُخْرِجُ	وَ	فِيْ عُنُقِهٖ	طٰٓئِرَهٗ	اَلْزَمْنٰهُ	اِنْسَانٍ	كُلَّ	وَ	تَفْصِيْلًا
دن	اسکے لیے	نکالیں گے ہم	اور	اسکی گردن میں	اسکی قسمت	لگادی ہم نے اس کو	انسان	ہر ایک	اور	کھول کر

تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا۔ اور ہر انسان کے عمل ہم نے اس کے گلے میں لٹکا دیئے اور اس کیلئے قیامت کے

الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ

الْيَوْمَ	بِنَفْسِكَ	كَفٰى	كِتٰبَكَ	اِقْرَاْ	مَنْشُوْرًا	يَّلْقٰىهُ	كِتٰبًا	الْقِيٰمَةِ
آج	تیری اپنی ہی جان	کافی ہے	اپنا لکھا ہوا	پڑھ	کھلا ہوا	پائے گا اس کو	لکھا ہوا	قیامت کے

دن نامہ اعمال نکالیں گے جسے وہ کھلا ہوا پائے گا۔ فرمایا جائے گا کہ اپنا نامہ اعمال پڑھ آج تو خود ہی اپنا

عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

مَنْ	وَ	لِنَفْسِهٖ	يَهْتَدِيْ	فَاِنَّمَا	اهْتَدٰى	مَنِ	حَسِيْبًا	عَلَيْكَ
جو	اور	اپنی جان کیلئے	ہدایت پائے گا	سوائے اس کے نہیں	ہدایت پائے تو	جو	حساب لینے والی	تجھ پر

حساب کرنے کے لیے کافی ہے۔ جو سیدھی راہ پر چلا وہ اپنے لئے ہی چلتا ہے اور جو بھٹک گیا

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

كُنَّا	وَمَا	اُخْرٰى	وِّزْرَ	وَازِرَةٌ	تَزِرُ	وَلَا	عَلَيْهَا	يَضِلُّ	فَاِنَّمَا	ضَلَّ
ہیں ہم	اور نہیں	دوسرے کا	بوجھ	کوئی اٹھانے والا	اٹھائے گا	اور نہیں	اسی پر ہے	گمراہی	سوا اس کے نہیں کہ	گمراہ ہوا تو

وہ اپنے خلاف ہی بھٹکتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا اور ہم عذاب نہیں

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً

قَرْيَةً	نُّهْلِكَ	اَنْ	اَرَدْنَآ	اِذَآ	وَ	رَسُوْلًا	نَبْعَثَ	حَتّٰى	مُعَذِّبِيْنَ
کسی بستی کو	ہلاک کریں	یہ کہ	ارادہ کرتے ہیں ہم	جب	اور	رسول	بھیجیں ہم	یہاں تک کہ	سزا دینے والے

دیا کرتے جب تک کوئی رسول نہ بھیج دیں۔ اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہم کسی بستی کو ہلاک کر دیں

Marfat.com

أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا

أَمَرْنَا	مُتْرَفِيهَا	فَفَسَقُوا	فِيهَا	فَحَقَّ	عَلَيْهَا	الْقَوْلُ	فَدَمَّرْنَاهَا
تو حکم کرتے ہیں ہم	اس کے دولت مندوں کو	تو وہ برائی کرتے ہیں	اس میں	تو حق ہو جاتی ہے	اس پر	بات	پھر تباہ کرتے ہیں ہم اس کو

تو اس کے خوشحال لوگوں کو حکم دیتے ہیں پھر وہ اس میں نافرمانی کرتے ہیں پھر وہ فیصلہ اس پر نافذ ہو جاتا ہے۔ پھر ہم اسے

تَدْمِيرًا ﴿١٦﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِنْ بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ

تَدْمِيرًا	وَ	كَمْ	أَهْلَكْنَا	مِنَ الْقُرُونِ	مِنْ بَعْدِ	نُوحٍ	وَ	كَفَىٰ	بِرَبِّكَ
پورا تباہ کرنا	اور	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	سنگتیں	بعد	نوح کے	اور	کافی ہے	آپ کا رب

برباد کر دیتے ہیں۔ اور کتنی ہی اُمتوں کو ہم نے نوح علیہ السلام کے بعد ہلاک کر دیا اور آپ کا رب کافی ہے جو اپنے بندوں کے

بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿١٧﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ

بِذُنُوبِ عِبَادِهِ	خَبِيرًا	بَصِيرًا	مَنْ	كَانَ يُرِيدُ	الْعَاجِلَةَ	عَجَّلْنَا لَهُ
اپنے بندوں کے گناہوں سے	خبردار ہے	دیکھنے والا	جو	چاہتا ہے	جلدی کو	جلدی دیتے ہیں ہم اسکو

گناہوں سے اچھی طرح خبردار خوب دیکھنے والا ہے۔ جو لوگ صرف دنیا کے خواہشمند ہیں ہم ان میں سے جسے جتنا

فِيهَا مَا نَشَاءُ لِمَنْ نُرِيدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَاهَا مَذْمُومًا

فِيهَا	مَا	نَشَاءُ	لِمَنْ	نُرِيدُ	ثُمَّ	جَعَلْنَا	لَهُ	جَهَنَّمَ	يَصْلَاهَا	مَذْمُومًا
اس میں	جو	چاہیں ہم	جس کے لیے	چاہیں ہم	پھر	بنائیں گے ہم	جس کیلئے	جہنم	داخل ہوگا اس میں	ملامت کیا ہوا

چاہیں اسی دنیا میں دے دیتے ہیں پھر ہم نے اس کیلئے جہنم (ٹھکانا) بنا دیا ہے وہ اس میں پہنچے گا

مَدْحُورًا ﴿١٨﴾ وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

مَدْحُورًا	وَ	مَنْ	أَرَادَ	الْآخِرَةَ	وَ	سَعَىٰ	لَهَا	سَعْيَهَا	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ
دھتکارا ہوا	اور	جو	چاہے	آخرت	اور	کوشش کرے	اسکے لیے	اپنی پوری کوشش	اور وہ ہو	مومن

بری حالت میں دھتکارا ہوا۔ اور جس نے آخرت کا ارادہ کیا اور اس کے لیے کوشش کی جیسی کہ اس کے لئے کوشش کرنی چاہیے

Marfat.com

فَاُولٰٓئِکَ کَانَ سَعۡیُهُمۡ مَّشۡکُوۡرًا ﴿۱۹﴾ کُلًّا نُّمِدُّ هٰۤؤُلَآءِ وَهٰۤؤُلَآءِ مِنۡ عَطَآءِ

مِنۡ عَطَآءِ	هٰۤؤُلَآءِ	وَ	هٰۤؤُلَآءِ	نُّمِدُّ	کُلًّا	مَّشۡکُوۡرًا	سَعۡیُهُمۡ	کَانَ	فَاُولٰٓئِکَ
عطا ہے	ان کو بھی	اور	ان کو بھی	مدد دیتے ہیں ہم	ہر ایک کو	ٹھکانے لگی	ان کی کوشش	ہے	تو یہ لوگ

اور وہ مومن ہے تو انہی لوگوں کی کوشش قبول ہوگی۔ ہم سب کو مدد دیتے ہیں ان (دنیا چاہنے والوں) کو بھی اور ان (آخرت

رَبِّکَ ؕ وَمَا کَانَ عَطَآءُ رَبِّکَ مَحۡظُوۡرًا ﴿۲۰﴾ اُنۡظُرۡ کَیۡفَ

کَیۡفَ	اُنۡظُرۡ	مَحۡظُوۡرًا	رَبِّکَ	عَطَآءُ	کَانَ	مَا	وَ	رَبِّکَ
کس طرح	دیکھ	بند ہونے والی	تمہارے رب کی	عطاء	ہے	نہیں	اور	آپ کے رب کی

چاہنے والوں) کو بھی تمہارے رب کی عطا سے اور تمہارے رب کی عطا روکے جانے والی نہیں ہے۔ دیکھو! کس طرح ہم نے

فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ ؕ وَلَلۡاٰخِرَةُ اَکۡبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَکۡبَرُ

اَکۡبَرُ	وَّ	دَرَجٰتٍ	اَکۡبَرُ	لَلۡاٰخِرَةُ	وَ	بَعۡضٍ	عَلٰی	بَعۡضَهُمۡ	فَضَّلۡنَا
بہت بڑی ہے	اور	درجے میں	بہت بڑی ہے	یقیناً آخرت	اور	بعض کے	اوپر	ان کے بعض کو	بڑائی دی ہم نے

لوگوں میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے مگر آخرت درجات کے اعتبار سے ہی بڑھی ہے اور فضیلت

تَفۡضِیۡلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقۡعُدَ مَذۡمُوۡمًا

مَذۡمُوۡمًا	فَتَقۡعُدَ	اٰخَرَ	اِلٰهًا	اللّٰهِ	مَعَ	تَجۡعَلۡ	لَا	تَفۡضِیۡلًا
ملامت کیا ہوا	پھر بیٹھے گا تو	دوسرا	خدا	اللہ کے	ساتھ	بنا	اور نہ	فضل میں

میں بھی بڑھ کر ہے۔ اے مخاطب) اللہ کے ساتھ دوسرا خدا نہ بنا ورنہ تو بدنام و بے کس ہو کر

مَّخۡذُوۡلًا ﴿۲۲﴾ ع وَقَضٰی رَبُّکَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ وَبِالۡوَالِدَیۡنِ

وَبِالۡوَالِدَیۡنِ	اِیَّاهُ	اِلَّاۤ	تَعۡبُدُوۡۤا	اَلَّا	رَبُّکَ	قَضٰی	وَ	مَّخۡذُوۡلًا
اور ماں باپ کے ساتھ	اسی کو	مگر	پوجو	نہ	آپ کے رب نے	حکم دیا	اور	بے کس

بیٹھ جائے گا۔ اور آپ ﷺ کے رب نے حکم فرمایا کہ (اے لوگو!) اس (اللہ) کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

ع ۲ ۱۲ ۲

Marfat.com

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

اِحْسَانًا	اِمَّا	يَبْلُغَنَّ	عِنْدَكَ	الْكِبَرَ	اَحَدُهُمَآ	اَوْ	كِلٰهُمَا	فَلَا	تَقُلْ
اچھا سلوک کرو	اگر	پہنچ جائیں	تیرے پاس	بڑھاپے کو	ایک ان سے	یا	دونوں	تو نہ	کہنا

اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر تمہارے سامنے ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں

لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا

لَّهُمَآ	اُفٍّ	وَّ	لَا تَنْهَرْهُمَا	وَ	قُلْ	لَّهُمَا	قَوْلًا	كَرِيْمًا	وَ	اخْفِضْ	لَهُمَا
ان کو	اُف بھی	اور	اور مت جھڑکی دینا انکو	اور	کہنا	ان کو	بات	تعظیم کی	اور	بچھا	ان کیلئے

تو (اے سننے والے!) انہیں اُف تک نہ کہنا اور انہیں نہ جھڑکنا اور ان کے ساتھ ادب سے بات کرنا۔ اور نرم دلی کے ساتھ ان

جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

جَنَاحَ	الذُّلِّ	مِنَ الرَّحْمَةِ	وَ	قُلْ	رَّبِّ	ارْحَمْهُمَا	كَمَا	رَبَّيٰنِيْ
بازو	نرمی کا	رحمت سے	اور	عرض کر	اے میرے رب	رحم کر ان دونوں پر	جیسے	پرورش کیا انہوں نے مجھے

کیلئے عاجزی سے جھکے رہنا اور کہنا کہ اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ ان دونوں نے بچپن میں

صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ ؕ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ

صَغِيْرًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا	فِيْ نُفُوْسِكُمْ	اِنْ	تَكُوْنُوْا	صٰلِحِيْنَ	فَاِنَّهٗ
بچپن میں	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو کچھ	تمہارے دلوں میں ہے	اگر	ہو گے تم	نیک	تو وہ

مجھے پالا تھا۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اگر تم لائق ہوتے تو بے شک وہ

كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَ

كَانَ	لِلْاَوَّابِيْنَ	غَفُوْرًا	وَاٰتِ	ذَا الْقُرْبٰى	حَقَّهٗ	وَ	الْمِسْكِيْنَ	وَ
ہے	توبہ کرنے والوں کو	بخشنے والا	اور دے	رشتہ داروں کو	ان کا حق	اور	مسکین	اور

توبہ کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔ اور رشتہ داروں کو ان کا حق دو اور مسکین اور

Marfat.com

ابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ

ابْنَ السَّبِيْلِ	وَ	لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا	اِنَّ	الْمُبَذِّرِيْنَ	كَانُوْٓا اِخْوَانَ
مسافر کو	اور	فضول نہ اڑا	بیشک	فضول خرچ کرنے والے	بھائی ہیں

مسافر کو اور فضول خرچی نہ کرو۔ بیشک فضول خرچی کرنے والے شیطانوں

الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ

الشَّيٰطِيْنِ	وَ	كَانَ	الشَّيْطٰنُ	لِرَبِّهٖ	كَفُوْرًا	وَ	اِمَّا	تُعْرِضَنَّ	عَنْهُمُ
شیطانوں کے	اور	ہے	شیطان	اپنے رب کا	ناشکرا	اور	اگر	منہ پھیرے تو	ان سے

کے بھائی ہوتے ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ لیکن اگر اپنے رب کی رحمت کی تلاش میں

ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿٢٨﴾

ابْتِغَآءَ	رَحْمَةٍ	مِّنْ رَّبِّكَ	تَرْجُوْهَا	فَقُلْ	لَّهُمْ	قَوْلًا	مَّيْسُوْرًا
چاہتا ہوا	رحمت	اپنے رب کی	جو امید ہے تجھے	تو کہہ	ان سے	بات	آسان

جس کی تو اُمید کرتا ہو تجھے ان سے کنارا کرنا ہی پڑے تو بھی ان سے نرم بات کرو۔

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

وَ	لَا	تَجْعَلْ	يَدَكَ	مَغْلُوْلَةً	اِلٰى	عُنُقِكَ	وَ	لَا	تَبْسُطْهَا	كُلَّ	الْبَسْطِ
اور	نہ	کر	اپنا ہاتھ	بند کیا ہوا	طرف	اپنی گردن کے	اور	نہ	پھیلائے تو ان کو	پورا	پھیلانا

اور نہ بنالو اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا ہوا اور نہ ہی اس کو پوری طرح کھول لو ورنہ بیٹھے رہوگے

فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

فَتَقْعُدَ	مَلُوْمًا	مَّحْسُوْرًا	اِنَّ	رَبَّكَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ
تو بیٹھے گا تو	ملامت کیا ہوا	تھکا ہوا	بیشک	آپ کا رب	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کیلئے	چاہے

ملامت زدہ ہوکر اور عاجز بن کر۔ (اے حبیب ﷺ!) بے شک آپ کا رب جس کیلئے چاہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور تنگ کر

Marfat.com

وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ

وَيَقْدِرُ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا	وَ	لَا	تَقْتُلُوْٓا	اَوْلَادَكُمْ
اور تنگ کرتا ہے	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خبردار	دیکھنے والا	اور	نہ	قتل کرو	اپنی اولاد کو

دیتا ہے (جس کیلئے چاہے) یقیناً وہ اپنے بندوں سے اچھی طرح خبردار ہے (سب کو) خوب دیکھتا ہے۔ اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً

خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ	نَحْنُ	نَرْزُقُهُمْ	وَاِيَّاكُمْ	اِنَّ	قَتْلَهُمْ	كَانَ خِطْاً
مفلسی کے ڈر سے	ہم	ان کو رزق دیتے ہیں	اور تمہیں بھی	بیشک	ان کا قتل	گناہ ہے

مفلسی کے ڈر سے ہم انہیں بھی روزی دیں گے اور تمہیں بھی بے شک ان کا قتل

كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾

كَبِيْرًا	وَ	لَا	تَقْرَبُوا	الزِّنٰٓى	اِنَّهٗ	كَانَ فَاحِشَةً	وَ	سَاۗءَ	سَبِيْلًا
بڑا	اور	نہ	نزدیک جاؤ	زنا کے	بیشک وہ	بے حیائی ہے	اور	برا	رستہ

بڑی خطا ہے۔ اور بدکاری کے پاس نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بہت ہی برا راستہ ہے۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

وَ	لَا	تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِيْ	حَرَّمَ	اللّٰهُ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	مَنْ	قُتِلَ	مَظْلُوْمًا
اور	نہ	قتل کرو	جان	ایسی کو جسکو	حرام کیا	اللہ نے	مگر	ساتھ حق کے	اور	جو	قتل کیا گیا	ظلم سے

اور اس جان کو جسے اللہ نے محترم قرار دیا ہے قتل نہ کرو مگر حق کی بنا پر اور جو ظلم سے قتل کر دیا گیا ہو

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

فَقَدْ	جَعَلْنَا	لِوَلِيِّهٖ	سُلْطٰنًا	فَلَا	يُسْرِفْ	فِّي الْقَتْلِ	اِنَّهٗ	كَانَ
تو بیشک	بنایا ہم نے	اس کے وارث کو	مختار	تو نہ	زیادتی کرے	قتل میں	بیشک	ہے

تو اس کے وارث کو ہم نے اختیار دیا ہے مگر وہ قتل میں حد سے نہ نکلے

Marfat.com

مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى

مَنْصُوْرًا	وَ	لَا	تَقْرَبُوْا	مَالَ	الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِىْ	هِىَ	اَحْسَنُ	حَتّٰى
مدد دیا گیا	اور	نہ	قریب جاؤ	مال	یتیم کے	مگر	اس طرح	کہ وہ	اچھی ہو	یہاں تک کہ

اس کی مدد کی جائے گی۔ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر اس طریقے پر جو بہت ہی عمدہ ہو یہاں تک کہ

يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا

يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ	وَاَوْفُوْا	بِالْعَهْدِ	اِنَّ	الْعَهْدَ	كَانَ مَسْئُوْلًا	وَ	اَوْفُوا
پہنچے	اپنی جوانی کو	اور پورا کرو	عہد	بیشک	عہد سے	سوال ہونا ہے	اور	پورا کرو

وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو بے شک عہد کی پوچھ ہو گی۔ اور جب تم

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ

الْكَيْلَ	اِذَا	كِلْتُمْ	وَزِنُوْا	بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيْمِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ
ماپ	جب	ماپو تم	اور تولو	ساتھ ترازو	سیدھی کے	یہ	بہتر ہے

ناپنے لگو تو پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تولو یہ بہتر ہے اور اس کا

وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ

وَّاَحْسَنُ	تَاْوِيْلًا	وَ	لَا	تَقْفُ	مَا	لَيْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ	اِنَّ	السَّمْعَ
اور اچھا ہے	انجام میں	اور	نہ	پیچھے لگ	اس چیز کے جو	نہیں ہے	تجھ کو	اس کا	کوئی علم	بیشک	کان

انجام بہت اچھا ہے۔ اور (اے سننے والے) اس بات کے پیچھے نہ پڑو جس کا تمھیں علم نہیں بے شک کان

وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ

وَ	الْبَصَرَ	وَ	الْفُؤَادَ	كُلُّ	اُولٰٓئِكَ	كَانَ	عَنْهُ	مَسْئُوْلًا	وَ	لَا	تَمْشِ	فِى الْاَرْضِ
اور	آنکھ	اور	دل	ہر ایک	ان میں سے	ہے	اس سے	سوال ہونا ہے	اور	نہ	چل	زمین میں

اور آنکھ اور دل (قیامت کے دن) ان سب سے پوچھا جائے گا۔ اور زمین میں اکڑ کر نہ چلو

Marfat.com

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

مَرَحًا	اِنَّكَ	لَنْ	تَخْرِقَ	الْاَرْضَ	وَ	لَنْ	تَبْلُغَ	الْجِبَالَ
اتراتا	بیشک تو	ہرگز نہ	چیر ڈالے گا	زمین کو	اور	ہرگز نہ	پہنچے گا	پہاڑوں کو

بے شک تو ہرگز زمین کو چیر نہ ڈالے گا اور ہرگز بلندی میں پہاڑوں کو

طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ

طُوْلًا	كُلُّ	ذٰلِكَ	كَانَ	سَيِّئُهٗ	عِنْدَ	رَبِّكَ	مَكْرُوْهًا	ذٰلِكَ	مِمَّآ
بلندی میں	ہر ایک	اس سے	ہے	اس کی برائی	نزدیک	آپ کے رب کے	ناپسندیدہ	یہ	اس سے ہے جو

نہ پہنچے گا۔ یہ سب جو بیان ہوئیں بری خصلتیں ہیں اور آپ کے رب کو بہت ناپسند ہیں۔ یہ دانائی کی وہ باتیں ہیں

اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اَوْحٰى	اِلَيْكَ	رَبُّكَ	مِنَ الْحِكْمَةِ	وَ	لَا	تَجْعَلْ	مَعَ	اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ
وحی کی	آپ کی طرف	تمہارے رب نے	حکمت سے	اور	نہ	بنا	ساتھ	اللہ کے	خدا	دوسرا

جو آپ کے رب نے تمہاری طرف وحی کی ہیں اور (اے سننے والے) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا نہ بناؤ

فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ

فَتُلْقٰى	فِيْ جَهَنَّمَ	مَلُوْمًا	مَّدْحُوْرًا	اَفَاَصْفٰىكُمْ	رَبُّكُمْ	بِالْبَنِيْنَ
کہ تو ڈالا جائے گا	جہنم میں	طعنہ پاتا	دھکے کھاتا	کیا چن کر دیے تمہیں	تمہارے رب نے	بیٹے

ورنہ تم کو الزام دے کر اور دھتکار کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ ہاں کیا تمہارے لئے تمہارے رب نے بیٹوں کو چنا ہے

وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع وَلَقَدْ

ع ۴

وَ	اتَّخَذَ	مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ	اِنَاثًا	اِنَّكُمْ	لَتَقُوْلُوْنَ	قَوْلًا	عَظِيْمًا	وَ	لَقَدْ
اور	پکڑا	فرشتوں کو	بیٹیاں	بیشک تم	کہتے ہو	بات	بڑی	اور	بیشک

اور خود فرشتوں میں سے اپنی لڑکیاں بنالی ہیں بے شک تم بہت بڑی بات کہتے ہو۔ اور بے شک

Marfat.com

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ

لَّوْ	قُلْ	نُفُوْرًا	اِلَّا	يَزِيْدُهُمْ	وَمَا	لِيَذَّكَّرُوْا	فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ	صَرَّفْنَا
اگر	فرماؤ	نفرت	مگر	زیادہ ہوتی ان کو	اور نہیں	تاکہ نصیحت پکڑیں	اس قرآن میں	طرح طرح سے بیان کیا ہم نے

ہم نے اس قرآن میں کئی طرح سے بیان فرمایا تاکہ وہ نصیحت قبول کریں اور اس سے ان کی نفرت ہی بڑھتی ہے۔ فرمادیجئے

كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

سَبِيْلًا	ذِي الْعَرْشِ	اِلٰى	لَّابْتَغَوْا	اِذًا	يَقُوْلُوْنَ	كَمَا	اٰلِهَةٌ	مَعَهٗ	كَانَ
راہ	عرش والے کی	طرف	ڈھونڈتے	تو اس وقت	وہ کہتے ہیں	جیسے	خدا	ساتھ اسکے	ہوتے

اگر اس کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا یہ کہتے ہیں پھر تو وہ (معبود) عرش والے کی طرف ضرور کوئی راہ تلاش کر لیتے۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

السَّمٰوٰتُ	لَهُ	تُسَبِّحُ	عُلُوًّا كَبِيْرًا	يَقُوْلُوْنَ	عَمَّا	تَعٰلٰى	وَ	سُبْحٰنَهٗ
آسمان	اسکی	تسبیح بیان کرتے ہیں	بہت ہی بلند	کہتے ہیں	اس سے جو	بلند ہے	اور	پاک ہے وہ

وہ اللہ پاک ہے اور ان لوگوں کے خرافات سے بہت بلند اور برتر ہے۔ اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں ساتوں

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

يُسَبِّحُ	اِلَّا	شَيْءٍ	مِّنْ	اِنْ	وَ	فِيْهِنَّ	مَنْ	وَ	الْاَرْضُ	وَ	السَّبْعُ
تسبیح کرتی ہے	مگر	چیز	کوئی	نہیں	اور	ان میں ہے	جو	اور	زمین	اور	سات

آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہیں اور کوئی چیز نہیں جو اس کی حمد کے تسبیح نہ بولے اسے سراہتی ہوئی

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

غَفُوْرًا	حَلِيْمًا	كَانَ	اِنَّهٗ	تَسْبِيْحَهُمْ	لَا تَفْقَهُوْنَ	وَلٰكِنْ	بِحَمْدِهٖ
بخشنے والا	حلم والا	ہے	بیشک وہ	ان کی تسبیح کو	تم نہیں سمجھ سکتے	لیکن	اسکی حمد کے ساتھ

اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے بے شک وہ حلم والا بخشنے والا ہے۔

Marfat.com

وَ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

بِالْاٰخِرَةِ	لَا یُؤْمِنُوْنَ	الَّذِیْنَ	بَیْنَ	وَ	بَیْنَكَ	جَعَلْنَا	الْقُرْاٰنَ	قَرَاْتَ	اِذَا	وَ
آخرت پر	جو نہیں ایمان لاتے	ان کے	درمیان	اور	ہم تمہارے درمیان	تو بناتے ہیں	قرآن	پڑھتے ہو تم	جب	اور

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت کو نہیں مانتے

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ

فِیْۤ اٰذَانِهِمْ	وَ	یَّفْقَهُوْهُ	اَنْ	اَكِنَّةً	قُلُوْبِهِمْ	عَلٰى	جَعَلْنَا	وَّ	مَّسْتُوْرًا	حِجَابًا
ان کے کانوں میں	اور	سمجھیں اس کو	یہ کہ	غلاف	انکے دلوں کے	اوپر	بنائے ہم نے	اور	پوشیدہ	پردہ

چھپا ہوا پردہ ڈال دیتے ہیں۔ اور ہم ان کے دلوں پر پردے اور ان کے کانوں میں بوجھ رکھ دیتے ہیں

وَقْرًا ؕ وَ اِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ

عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ	وَلَّوْا	وَحْدَهٗ	فِی الْقُرْاٰنِ	رَبَّكَ	ذَكَرْتَ	وَ اِذَا	وَقْرًا
اپنی پیٹھوں پر	تو پھر جاتے ہیں	اکیلے کی	قرآن میں	اپنے رب کی	یاد کرتے ہو تم	اور جب	بوجھ ہے

کہ اسے سمجھنے نہ پائیں اور (اے رسول ﷺ!) جب آپ قرآن میں اپنے ایک معبود کا ذکر کرتے ہو تو وہ نفرت سے اپنے پیچھے کی

نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ

یَسْتَمِعُوْنَ	اِذْ	بِهٖۤ	یَسْتَمِعُوْنَ	بِمَا	اَعْلَمُ	نَحْنُ	نُفُوْرًا
وہ سنتے ہیں	جب	اس کو	سنتے ہیں	جو کچھ	خوب جانتے ہیں	ہم	نفرت کرتے

طرف لوٹ جاتے ہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جس مقصد کیلئے یہ لوگ قرآن سنتے ہیں جس وقت آپ کی طرف کان لگاتے ہیں

اِلَیْكَ وَ اِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا

رَجُلًا	اِلَّا	تَتَّبِعُوْنَ	اِنْ	الظّٰلِمُوْنَ	یَقُوْلُ	اِذْ	نَجْوٰۤى	اِذْ هُمْ	وَ	اِلَیْكَ
آدمی	مگر	پیروی کرتے تم	نہیں	ظالم	کہتے ہیں	جب	مشورہ کرتے ہیں	وہ	اور	تمہاری طرف

اور جب وہ آپس میں سرگوشی کرتے ہیں جب کہ یہ ظالم کہتے ہیں کہ تم پیروی نہیں کرتے

Marfat.com

مَسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا

مَسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	ضَرَبُوْا	لَكَ الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا	فَلَا
جادو کیے ہوئے	دیکھو	کیسی کیسی	بیان کیں	آپ کیلئے تشبیہیں	تو گمراہ ہوئے	پھر نہیں

مگر ایک جادو کئے ہوئے مرد کی۔ دیکھئے انہوں نے آپ کیلئے کیسی مثالیں بیان کیں تو وہ (ایسے) گمراہ ہوئے کہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	وَ	قَالُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّ	رُفَاتًا	ءَاِنَّا
طاقت رکھتے	راہ کی	اور	کہتے ہیں	کیا جب	ہوجائینگے ہم	ہڈیاں	اور	ریزہ ریزہ	کیا ہم

اب راستہ پر نہیں آ سکتے۔ اور بولے کیا جب ہم پرانی ہڈیاں ہوکر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ

لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	قُلْ	كُوْنُوْا	حِجَارَةً	اَوْ	حَدِيْدًا	اَوْ
اٹھائے جائینگے	پیدائش	نئی میں	فرماؤ	ہوجاؤ	پتھر	یا	لوہا	یا

تو کیا نئی پیدائش پر اٹھائے جائیں۔ فرما دیجئے کہ چاہو پتھر یا لوہا ہی ہو جاؤ۔ یا

خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ج فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ط قُلِ الَّذِيْ

خَلْقًا	مِّمَّا	يَكْبُرُ	فِيْ صُدُوْرِكُمْ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	مَنْ	يُّعِيْدُنَا	قُلِ	الَّذِيْ
کوئی مخلوق	جو	بڑی ہو	تمہارے دلوں میں	تو جلدی کہیں گے	کون	لوٹائے گا ہمیں	فرما دیجئے	وہ جس نے

کوئی مخلوق جو تمہارے خیالوں میں اور بڑی ہو، تب وہ کہیں گے کون ہمیں دوبارہ لائے گا؟

فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ج فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ

فَطَرَكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	فَسَيُنْغِضُوْنَ	اِلَيْكَ	رُءُوْسَهُمْ	وَ	يَقُوْلُوْنَ
پیدا کیا تمہیں	پہلی	مرتبہ	تو جلدی حرکت دیں گے	آپ کی طرف	اپنے سروں کو	اور	کہیں گے وہ

فرما دیجئے وہی جس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا پھر وہ تمہارے سامنے سر ہلا ہلا کر کہیں گے

Marfat.com

مَتٰی هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤی اَنْ یَّكُوْنَ قَرِیْبًا ﴿۵۱﴾ یَوْمَ یَدْعُوْكُمْ

مَتٰی	هُوَ	قُلْ	عَسٰۤی	اَنْ	یَّكُوْنَ	قَرِیْبًا	یَوْمَ	یَدْعُوْكُمْ
کب ہے	وہ	فرما دیجئے	شاید	یہ کہ	ہو وہ	قریب ہی	جس دن	بلائیگا تمہیں

یہ کب ہو گا؟ فرما دیجئے ممکن ہے کہ وہ (وقت) قریب ہی ہو۔ جس دن وہ تمہیں بلائے گا

فَتَسْتَجِیْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَ تَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۵۲﴾ وَ قُلْ

فَتَسْتَجِیْبُوْنَ	بِحَمْدِهٖ	وَ	تَظُنُّوْنَ	اِنْ	لَّبِثْتُمْ	اِلَّا	قَلِیْلًا	وَ	قُلْ
تو جواب دو گے تم	اسکی حمد کے ساتھ	اور	خیال کرو گے	نہیں	ٹھہرے تم	مگر	تھوڑا	اور	فرماؤ

تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کرو گے اور خیال کرو گے کہ تم بہت ہی کم ٹھہرے تھے۔ اور آپ

لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ

لِّعِبَادِیْ	یَقُوْلُوا	الَّتِیْ	هِیَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	الشَّیْطٰنَ	یَنْزَغُ	بَیْنَهُمْ	اِنَّ
میرے بندوں کو	کہ کہیں	وہ بات	کہ وہ	اچھی ہو	بیشک	شیطان	فساد ڈالتا ہے	انکے درمیان	بیشک

میرے بندوں سے فرما دیں کہ وہی بات کہا کریں جو سب سے اچھی ہو بیشک شیطان ان کے درمیان فساد

الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ یَّشَاْ

الشَّیْطٰنَ	كَانَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوًّا	مُّبِیْنًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِنْ	یَّشَاْ
شیطان	ہے	انسان کا	دشمن	کھلا ہوا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	تم کو	اگر	چاہے تو

پیدا کرتا ہے یقیناً شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے اگر چاہے

یَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ یَّشَاْ یُعَذِّبْكُمْ ؕ وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا ﴿۵۴﴾

یَرْحَمْكُمْ	اَوْ	اِنْ	یَّشَاْ	یُعَذِّبْكُمْ	وَ	مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ	عَلَیْهِمْ	وَكِیْلًا
رحم کرے تم پر	یا	اگر	چاہے تو	سزا دے تم کو	اور	اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو	ان پر	کارساز

تم پر رحم فرمائے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔

Marfat.com

وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ

وَ	رَبُّكَ	اَعْلَمُ	بِمَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	لَقَدْ	فَضَّلْنَا	بَعْضَ
اور	آپ کا رب	خوب جانتا ہے	ان کو جو	آسمانوں میں ہے	اور زمین میں	اور	بیشک	بڑائی دی ہم نے	بعض

اور آپ کا رب خوب جانتا ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں اور بے شک ہم نے

النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝۵۵ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

النَّبِيّٖنَ	عَلٰي	بَعْضٍ	وَّ	اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ
نبیوں کو	اوپر	بعض کے	اور	عطا فرمائی ہم نے	داؤد کو	زبور	فرمادو	پکارو	جن کو	گمان کرتے ہو تم

نبیوں میں ایک کو ایک پر فضیلت عطا کی اور داؤد علیہ السلام کو زبور عطا فرمائی۔ فرما دیجئے پکارو! انہیں جن کو

مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝۵۶ اُولٰۗىِٕكَ

مِّنْ دُوْنِهٖ	فَلَا	يَمْلِكُوْنَ	كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	تَحْوِيْلًا	اُولٰۗىِٕكَ
اس کے سوا	پھر نہیں	اختیار رکھتے	دور کرنے	تکلیف کے	تم سے	اور	نہ	پھیرنے کا	یہ لوگ

اللہ کے سوا گمان کرتے ہو تو وہ اختیار نہیں رکھتے تم سے تکلیف دور کرنے کی اور نہ تکلیف بدلنے کی۔ جنہیں وہ

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ

الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	يَبْتَغُوْنَ	اِلٰى	رَبِّهِمُ	الْوَسِيْلَةَ	اَيُّهُمْ	اَقْرَبُ
وہ ہیں	وہ ہیں جو پکارتے ہیں	ڈھونڈتے ہیں	طرف	اپنے رب کی	وسیلہ	کہ کون ان میں سے	زیادہ قریب ہے

پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب تک (پہنچنے کا) وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں کون زیادہ قریب ہو جائے

وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

وَ	يَرْجُوْنَ	رَحْمَتَهٗ	وَيَخَافُوْنَ	عَذَابَهٗ	اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ	كَانَ
اور	امید رکھتے ہیں	اس کی رحمت کی	اور ڈرتے ہیں	اس کے عذاب سے	بیشک	عذاب	آپ کے رب کا	ہے

اور اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک آپ کے رب کا عذاب

Marfat.com

مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ

مَحْذُوْرًا	وَ	اِنْ	مِّنْ	قَرْيَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ	مُهْلِكُوْهَا	قَبْلَ	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	اَوْ
ڈرنے کی چیز	اور	نہیں	کوئی	بستی	مگر	ہم	ہلاک کرنیوالے ہیں اسکو	پہلے	دن	قیامت کے	یا

بچنے کی چیز ہے۔ اور کافروں کی کوئی بستی ایسی نہیں جسے ہم روزِ قیامت سے پہلے ہلاک نہ کر دیں یا

مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا

مُعَذِّبُوْهَا	عَذَابًا	شَدِيْدًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِى الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا	وَمَا
سزا دینے والے ہیں اسکو	سزا	سخت	ہے	یہ	کتاب میں	لکھا ہوا	اور نہ

اسے سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔ اور ہم

مَنَعَنَاۤ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّاۤ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ

مَنَعَنَاۤ	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّاۤ	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ	وَ	اٰتَيْنَا	ثَمُوْدَ
روکا ہمیں	یہ کہ	بھیجیں ہم	نشانیاں	مگر	یہ کہ	جھٹلایا	ان کو	اگلوں نے	اور	دی ہم نے	ثمود کو

نشانیاں بھیجتے ہیں اس لئے رک کر انہیں پہلے لوگوں نے جھٹلایا (اور وہ اسی وقت ہلاک ہوئے) اور ہم نے قوم

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ

النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا	بِهَا	وَ	مَا	نُرْسِلُ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا	وَ	اِذْ
ناقہ	آنکھیں کھولنے کو	تو ظلم کیا انہوں نے	اس پر	اور	نہیں	بھیجتے ہم	نشانیاں	مگر	ڈرانے کو	اور	جب

ثمود کو اونٹنی دی واضح نشانی تو انہوں نے اس پر ظلم کیا اور ہم (ایسی) نشانیاں خوف دلانے کے لیے ہی بھیجتے ہیں۔ اور جب

قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِىْۤ

قُلْنَا	لَكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ	بِالنَّاسِ	وَ	مَا جَعَلْنَا	الرُّءْيَا الَّتِىْۤ
فرمایا ہم نے	تم کو	بیشک	آپ کے رب نے	گھیر لیا ہے	لوگوں کو	اور	نہیں کیا ہم نے	وہ دکھاوا جو

ہم نے آپ سے فرمایا کہ بے شک آپ کے رب نے سب لوگوں کو گھیرا ہوا ہے اور ہم نے وہ جلوہ جو آپ

Marfat.com

أَرَيْنٰكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ط

أَرَيْنٰكَ	إِلَّا	فِتْنَةً	لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ	الْمَلْعُوْنَةَ	فِي الْقُرْاٰنِ
ہم نے آپ کو دکھایا تھا	مگر	آزمائش	لوگوں کے لیے	اور درخت	جس پر لعنت ہو	قرآن میں

کو (شبِ معراج) دکھایا تھا مگر آزمائش لوگوں کیلئے اور (اسی طرح) وہ درخت (بھی) جس پر قرآن میں

وَنُخَوِّفُهُمْ لا فَمَا يَزِيْدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ ع وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

وَ	نُخَوِّفُهُمْ	فَمَا	يَزِيْدُهُمْ	إِلَّا	طُغْيَانًا	كَبِيْرًا	وَ	إِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ
اور	ہم ڈراتے ہیں ان کو	تو نہیں	بڑھتی ان کی	مگر	سرکشی	بڑی	اور	جب	حکم دیا ہم نے	فرشتوں کو کہ

لعنت کی گئی اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو ان کیلئے نہیں بڑھتی مگر بڑی سرکشی۔ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا إِلَّآ إِبْلِيْسَ ط قَالَ ءَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ

اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	إِلَّآ	إِبْلِيْسَ	قَالَ	ءَأَسْجُدُ	لِمَنْ	خَلَقْتَ
سجدہ کرو	آدم کو	تو سجدہ کیا انہوں نے	مگر	ابلیس نے	بولا	کیا سجدہ کروں میں	اس کو جسے	پیدا کیا تو نے

کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو ان سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے بولا کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے

طِيْنًا ﴿٦١﴾ ج قَالَ أَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ز لَئِنْ أَخَّرْتَنِ

طِيْنًا	قَالَ	أَرَءَيْتَكَ	هٰذَا	الَّذِيْ	كَرَّمْتَ	عَلَيَّ	لَئِنْ	أَخَّرْتَنِ
مٹی سے	بولا	کیا دیکھا تو نے	اس	شخص کو جو	بزرگی دی تو نے اسکو	مجھ پر	اگر	مہلت دی تو نے مجھے

مٹی سے بنایا۔ بولا جو یہ تو نے مجھ سے اسے معزز رکھا ہے اگر تو نے مجھے قیامت تک مہلت دی

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَأَحْتَنِكَنَّ	ذُرِّيَّتَهٗ	إِلَّا	قَلِيْلًا	قَالَ	اذْهَبْ	فَمَنْ
قیامت کے دن تک	تو میں ضرور پیس ڈالوں گا	اسکی اولاد کو	مگر	تھوڑے لوگوں کو	فرمایا	دور ہو جا	پھر جو

تو ضرور میں اس کی اولاد کو پیس ڈالوں گا مگر تھوڑا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دور ہو جا۔ پھر ان میں سے

Marfat.com

تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ

تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	فَاِنَّ	جَهَنَّمَ	جَزَآؤُكُمْ	جَزَآءً	مَّوْفُوْرًا	وَ	اسْتَفْزِزْ
پیچھے لگ گا تیرے	ان میں سے	تو بیشک	دوزخ	بدلہ ہے تمہارا	سزا	بھرپور	اور	پھسلا

جو بھی تیری پیروی کرے گا تو یقیناً تم سب کا بھرپور بدلہ جہنم ہے۔ اور ان میں سے جن پر تمہارا

مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ

مَنِ	اسْتَطَعْتَ	مِنْهُمْ	بِصَوْتِكَ	وَ	اَجْلِبْ	عَلَيْهِمْ	بِخَيْلِكَ	وَ	رَجِلِكَ
جسے	تو طاقت رکھتا ہے	ان میں سے	اپنی آواز سے	اور	کھینچ لا	ان پر	اپنے سوار	اور	اپنے پیادے

بس چلے تو اپنی پکار سے ان کے قدم اُکھاڑ دو اور اُن پر چڑھا لاؤ اپنے سوار اور اپنے پیادے اور اُن کے مال

وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا

وَ	شَارِكْهُمْ	فِي الْاَمْوَالِ	وَ	الْاَوْلَادِ	وَعِدْهُمْ	وَ	مَا	يَعِدُهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اِلَّا
اور	شرکت کر ان کے	مالوں میں	اور	اولاد میں	اور وعدے دے ان کو	اور	نہیں	وعدہ دیتا ان کو	شیطان	مگر

اور اُن کی اولاد میں ان کے ساتھ شریک ہو جاؤ اور اُن سے وعدے کرو۔ اور شیطان اُن کے ساتھ دھوکے کے

غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

غُرُوْرًا	اِنَّ	عِبَادِيْ	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنٌ	وَ	كَفٰى	بِرَبِّكَ
فریب کا	بیشک	میرے بندے	نہیں ہے	تیرا	ان پر	کوئی قابو	اور	کافی ہے	تیرا رب

سوا کوئی وعدہ نہیں کرتا۔ بے شک جو میرے (خاص) بندے ہیں ان پر تجھے کچھ غلبہ نہیں اور آپ کا رب کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

وَكِيْلًا	رَبُّكُمُ	الَّذِيْ	يُزْجِيْ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	فِي الْبَحْرِ	لِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ
کارساز	تمہارا رب	وہ ہے	جو چلاتا ہے	تمہارے لیے	کشتیاں	دریا میں	تاکہ تلاش کرو	اس کا فضل

کارساز۔ تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے دریا میں کشتی جاری کرتا ہے تاکہ تم اس کا کچھ فضل تلاش کرو

Marfat.com

إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ

إِنَّهُ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيمًا	وَإِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ
بیشک وہ	ہے	تم پر	مہربان	اور جب	پہنچتی ہے تمہیں	کوئی مصیبت	دریا میں	گم ہوجاتے ہیں

بے شک وہ تم پر بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ (اے مشرکو) اور جب دریا میں مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے سوا جنہیں

مَنْ تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجّٰكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ

مَنْ	تَدْعُونَ	إِلَّا	إِيَّاهُ	فَلَمَّا	نَجّٰكُمْ	إِلَى	الْبَرِّ	أَعْرَضْتُمْ	وَكَانَ
جسے	تم پوجتے ہو	مگر	خاص اس کو	پھر جب	نجات دیتا ہے تمہیں	طرف	خشکی کی	منہ پھیرتے ہو تم	اور ہے

پوجتے ہیں سب گم ہو جاتے ہیں پھر جب وہ تمہیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو منہ پھیر لیتے ہو اور

الْإِنْسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنْتُمْ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ

الْإِنْسَانُ	كَفُورًا	أَفَأَمِنْتُمْ	أَنْ	يَخْسِفَ	بِكُمْ	جَانِبَ	الْبَرِّ	أَوْ	يُرْسِلَ
انسان	ناشکرا	کیا مطمئن ہو تم	یہ کہ	دھنسا دے	تمہیں	کنارے	خشکی میں	یا	بھیجے

آدمی بڑا ناشکرا ہے۔ تو کیا تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں خشکی کی جانب دھنسا دے یا تم پر پتھر

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ أَمِنْتُمْ أَنْ يُعِيدَكُمْ

عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا	ثُمَّ	لَا	تَجِدُوا	لَكُمْ	وَكِيلًا	أَمْ	أَمِنْتُمْ	أَنْ	يُعِيدَكُمْ
تم پر	پتھروں کا مینہ	پھر	نہ	پاؤ گے تم	اپنے لیے	وئی حمایتی	کیا	تم نڈر ہوئے	یہ کہ	لوٹائے تمہیں

برسانے والی آندھی بھیج دے؟ پھر تم اپنے لیے کوئی حامی نہ پاؤ گے؟ یا کیا تم اس بات سے نڈر ہو گئے ہو کہ

فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِنَ الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا

فِيهِ	تَارَةً	أُخْرَىٰ	فَيُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	قَاصِفًا	مِنَ الرِّيحِ	فَيُغْرِقَكُمْ	بِمَا
اس میں	ایک مرتبہ	اور	پھر بھیجے	تم پر	توڑنے والی	آندھی	تو غرق کردے تمکو	بہ سبب

وہ تمہیں دوسری بار پھر وہاں لے جائے اور تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے اور تمہیں تمہاری ناشکری

Marfat.com

كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ

كَفَرْتُمْ	ثُمَّ	لَا	تَجِدُوْا	لَكُمْ	عَلَيْنَا	بِهٖ	تَبِيْعًا	وَلَقَدْ	كَرَّمْنَا	بَنِيْٓ اٰدَمَ
تمہارے کفر کے	پھر	نہ	پاؤ گے تم	اپنے لیے	ہم پر	اس کا	پیچھا کرنے والا	اور بیشک	عزت دی ہم نے	آدم کی اولاد کو

کے سبب ڈبو دے پھر تم ہمارے خلاف اپنا کوئی مدعی نہ پاؤ گے۔ اور ہم نے بنی آدم کو عزت دی ہے

وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ

وَ	حَمَلْنٰهُمْ	فِي الْبَرِّ	وَ	الْبَحْرِ	وَرَزَقْنٰهُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	وَ	فَضَّلْنٰهُمْ	عَلٰى كَثِيْرٍ
اور	سوار کیا ہم نے انکو	خشکی میں	اور	دریا میں	اور ہم نے انکو روزی دی	ستھری چیزیں	اور	بزرگی دی ہم نے انکو	بہتوں پر

اور انہیں خشکی اور سمندر میں سواری دی ہے اور انہیں پاکیزہ رزق دیا ہے اور انہیں اپنی مخلوق میں

مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿۷۰﴾ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ج

ع ۷

مِّمَّنْ	خَلَقْنَا	تَفْضِيْلًا	يَوْمَ	نَدْعُوْا	كُلَّ	اُنَاسٍ	بِاِمَامِهِمْ
ان سے جو	پیدا کیا ہم نے	بزرگی دینا	جس دن	بلائیں گے ہم	ہر	جان کو	ان کے امام کے ساتھ

اکثر پر بڑی فضیلت دی ہے۔ جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے پیشوا کے ساتھ بلائیں گے تو جن کے دائیں

فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

فَمَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	يَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ	وَلَا	يُظْلَمُوْنَ
پھر جو	دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	اپنے دائیں ہاتھ میں	تو یہ لوگ	پڑھیں گے	اپنی کتاب	اور نہ	ظلم کیے جائینگے

ہاتھ میں ان کا نامۂ اعمال دیا جائے گا وہ اپنے نامۂ اعمال کو پڑھیں گے اور ان پر ذرا بھی زیادتی

فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ

فَتِيْلًا	وَ	مَنْ	كَانَ	فِيْ هٰذِهٖ	اَعْمٰى	فَهُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ	اَعْمٰى	وَ	اَضَلُّ
دھاگے برابر	اور	جو	ہے	اس دنیا میں	اندھا	تو وہ ہوگا	آخرت میں بھی	اندھا	اور	گمراہ تر

نہ کی جائے گی۔ اور جو شخص اس دنیا میں اندھا رہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور اس سے بھی زیادہ

Marfat.com

سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

سَبِيْلًا	وَ	اِنْ	كَادُوْا	لَيَفْتِنُوْنَكَ	عَنِ الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ
رستے میں	اور	بیشک	قریب تھے	کہ آپ کو کچھ لغزش دیتے	اس سے	جو وحی کی ہم نے	آپ کی طرف

راہ راست سے بھٹکا ہوا۔ اور ہم نے آپ کی طرف جو وحی بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ مشرک لوگ تمہیں اس سے ڈگمگا دیں

لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۴۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ

لِتَفْتَرِيَ	عَلَيْنَا	غَيْرَهٗ	وَ	اِذًا	لَّاتَّخَذُوْكَ	خَلِيْلًا	وَلَوْلَآ	اَنْ	ثَبَّتْنٰكَ
تا کہ افتراء کرے تو	ہم پر	اسکے سوا	اور	اس وقت	بنالیں تجھے	دوست	اور اگر نہ ہوتا	یہ کہ	ثابت رکھتے ہم آپ کو

تا کہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت بنالو تب وہ تم کو اس وقت اپنا دوست بنا لیتے۔ اگر ہم تمہیں ثابت قدم

لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۴۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ

لَقَدْ	كِدْتَّ	تَرْكَنُ	اِلَيْهِمْ	شَيْـًٔا	قَلِيْلًا	اِذًا	لَّاَذَقْنٰكَ	ضِعْفَ
تو یقینا	قریب تھا کہ آپ	مائل ہو جاتے	ان کی طرف	کچھ	تھوڑا سا	تو اس وقت	ہم چکھاتے تم کو	دونی

نہ رکھتے تو قریب تھا کہ تم ان کی طرف کچھ تھوڑا سا جھک جاتے۔ اور تب ہم ضرور تجھے زندگی میں دُگنا

الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا

الْحَيٰوةِ	وَ	ضِعْفَ	الْمَمَاتِ	ثُمَّ	لَا	تَجِدُ لَكَ	عَلَيْنَا	نَصِيْرًا	وَ	اِنْ	كَادُوْا
عمر	اور	دوچند	موت	پھر	نہ	پائے گا تو اپنے لیے	ہم پر	کوئی مددگار	اور	بیشک	قریب تھا کہ وہ

اور مرنے پر بھی دُگنا مزا چکھاتے اور پھر تو ہمارے مقابلے میں اپنے لئے کوئی مددگار نہ پاتے۔ اور قریب تھا

لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ

لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ	مِنَ الْاَرْضِ	لِيُخْرِجُوْكَ	مِنْهَا	وَ	اِذًا	لَا	يَلْبَثُوْنَ
ڈگادیں آپ کو	اس زمین سے	تا کہ آپ کو باہر کریں	اس سے	اور	اس وقت	نہ	ٹھہریں گے

کہ وہ تمہیں اس سرزمین سے ہٹا کر جلاوطن کر دیں، مگر تب وہ بھی تمہارے بعد

Marfat.com

خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا

خِلٰفَكَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	سُنَّةَ	مَنْ	قَدْ	اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنْ رُّسُلِنَا
تمہارے پیچھے	مگر	تھوڑا	دستور ہے	ان کا جن کو	یقیناً	بھیجا ہم نے	تم سے پہلے	اپنے رسولوں سے

تھوڑا ہی عرصہ ٹھہرتے۔ قانون ان کا جو آپ سے پہلے ہم نے اپنے رسول بھیجے اور آپ کا یہی ہے

ع

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ

وَ	لَا	تَجِدُ	لِسُنَّتِنَا	تَحْوِيْلًا	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ	اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ
اور	نہ	پاؤ گے تم	ہمارے دستور میں	کوئی تبدیلی	قائم رکھو	نماز	سورج ڈھلنے سے	رات کے اندھیرے تک

اور آپ ہمارے قانون میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ آپ نماز قائم کریں سورج ڈھلنے کے وقت سے رات کی تاریکی

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ

وَ	قُرْاٰنَ	الْفَجْرِ	اِنَّ	قُرْاٰنَ	الْفَجْرِ	كَانَ	مَشْهُوْدًا	وَ	مِنَ الَّيْلِ
اور	قرآن پڑھنا	فجر کا	بیشک	قرآن پڑھنا	فجر کا	ہے	حاضر کیا گیا	اور	رات کے کچھ حصہ میں

تک اور فجر کی نماز بے شک فجر کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کے کچھ

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا

فَتَهَجَّدْ	بِهٖ	نَافِلَةً	لَّكَ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّبْعَثَكَ	رَبُّكَ	مَقَامًا
بیدار ہو	قرآن کے ساتھ	یہ زیادہ ہے	تمہارے لیے	قریب ہے	یہ کہ	کھڑا کرے آپ کو	آپ کا رب	مقام

حصہ میں تہجد پڑھو یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے قریب ہے کہ کہیں آپ کا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب

مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِىْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِىْ

مَّحْمُوْدًا	وَ	قُلْ	رَّبِّ	اَدْخِلْنِىْ	مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّاَخْرِجْنِىْ
محمود میں	اور	عرض کرو	اے میرے رب	داخل کر مجھے	داخل کرنا	سچائی کا	اور نکال مجھے

رات	تاکہ آرام پائیں	اس میں	اور	دن	دکھانے والا	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	قوم

آرام کریں اور روشن دن بنایا بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے

يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۸۶﴾ وَيَوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ فَفَزِعَ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ

يُّؤۡمِنُوۡنَ	وَ	يَوۡمَ	يُنۡفَخُ	فِى الصُّوۡرِ	فَفَزِعَ	مَنۡ	فِى	السَّمٰوٰتِ
مومن کے لیے	اور	جس دن	پھونکا جائے گا	صور میں	توگھبرا جائے گا	جو	میں	آسمانوں ہے

جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جس دن صور پھونک دیا جائے گا تو جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین پر ہے

وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ اِلَّا مَنۡ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوۡهُ دٰخِرِيۡنَ ﴿۸۷﴾

وَ	مَنۡ	فِى الۡاَرۡضِ	اِلَّا	مَنۡ	شَآءَ	اللّٰهُ	وَ	كُلٌّ	اَتَوۡهُ	دٰخِرِيۡنَ
اور	جو	زمین میں ہے	مگر	جسے	چاہے	اللہ	اور	سب کے سب	آئینگے اسکے پاس	عاجزی کرتے

سب گھبرا جائیں گے سوائے اس کے جسے اللہ چاہے اور سب اس کے سامنے عاجز ہو کر چلے آئیں گے۔

وَتَرَى الۡجِبَالَ تَحۡسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِىَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ

وَ	تَرَى	الۡجِبَالَ	تَحۡسَبُهَا	جَامِدَةً	وَّ	هِىَ	تَمُرُّ	مَرَّ	السَّحَابِ
اور	تو دیکھے گا	پہاڑوں کو	خیال کرے گا انکو	جمے ہوئے	اور	وہ	چلتے ہونگے	چلنا	بادلوں کا

اور تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو تم انہیں جما ہوا گمان کرتے ہو اور وہ بادلوں کے اڑنے کیطرح اڑ رہے ہونگے۔

صُنۡعَ اللّٰهِ الَّذِىۡۤ اَتۡقَنَ كُلَّ شَىۡءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۸۸﴾

صُنۡعَ	اللّٰهِ	الَّذِىۡۤ	اَتۡقَنَ	كُلَّ	شَىۡءٍ	اِنَّهٗ	خَبِيۡرٌۢ	بِمَا	تَفۡعَلُوۡنَ
کام ہے	اللہ کا	جس نے	مضبوط کیا	ہر	چیز کو	بیشک وہ	خبردار ہے	اسے جو	تم کرتے ہو

یہ اللہ تعالیٰ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو خوب بنایا ہے۔ یقیناً وہ باخبر ہے اُس سے جو تم کرتے ہو۔

Marfat.com

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ

مَنْ	جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ	مِّنْهَا	وَ	هُمْ	مِّنْ فَزَعٍ	يَّوْمَئِذٍ
جو	لائے	نیکی	تو اس کیلئے	بہتر ہے	اس سے	اور	وہ	گھبراہٹ سے	اس دن

جو نیکی لائے تو اس کیلئے اس سے بہتر (جزاء) ہے اور وہ (لوگ) اس دن گھبراہٹ سے

اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ ۭ

اٰمِنُوْنَ	وَ	مَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَكُبَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	فِى النَّارِ
امن میں ہوں گے	اور	جو	لایا	برائی	تو اوندھے کیے گئے	ان کے منہ	آگ میں

امن میں ہونگے۔ اور جو برائی لے کر آئے تو ان کے منہ آگ میں اوندھے ڈالے جائیں گے

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ

هَلْ	تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَآ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ
نہیں	بدلہ دیے جاؤ گے تم	مگر	جو	تھے تم	عمل کرتے	اسکے سوا نہیں	میں حکم کیا گیا ہوں	یہ کہ	میں عبادت کروں

(کہا جائے گا ان سے) وہی بدلہ پاؤ گے جو تم کیا کرتے تھے۔ مجھے تو یہی حکم ہوا ہے کہ میں عبادت کروں

رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ ۡ

رَبَّ	هٰذِهِ	الْبَلْدَةِ	الَّذِىْ	حَرَّمَهَا	وَ	لَهٗ	كُلُّ	شَىْءٍ
رب کی	اس	شہر کے	وہ جس نے	عزت دی اسے	اور	اسی کی ہے	ہر	چیز

اس شہر کے رب کی جس نے اسے حرمت والا بنایا ہے اور سب کچھ اسی کا ہے

وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ۙ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ

وَّ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ	وَ	اَنْ	اَتْلُوَا	الْقُرْاٰنَ
اور	میں حکم دیا گیا ہوں	یہ کہ	ہوں میں	مسلمانوں میں سے	اور	یہ کہ	میں پڑھوں	قرآن

اور مجھے حکم ہوا ہے کہ فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ اور یہ کہ میں قرآن پڑھ کر سناؤں۔

Marfat.com

فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ

فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	ضَلَّ	فَقُلْ
تو جس نے	ہدایت پائی	تو اسکے سوا نہیں کہ	ہدایت پائے گا	اپنے لیے	اور	جو	گمراہ ہوا	تو فرمادو

پھر جو ہدایت اختیار کرے گا تو یقیناً وہ صرف اپنے لیے ہدایت اختیار کرے گا۔ اور جو گمراہ ہوگا تو فرما دیجئے

اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ

اِنَّمَآ	اَنَا	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	وَ	قُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	سَيُرِيْكُمْ
اسکے سوا نہیں کہ	میں ہوں	ڈر سنانے والا	اور	فرماؤ	سب تعریف	اللہ کو ہے	جلدی دکھائے گا تم کو

کہ یقیناً میں تو صرف خبردار کر دینے والوں میں سے ہوں۔ اور فرمادیجئے تعریف اللہ کی جو تمہیں بہت جلد

اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

اٰيٰتِهٖ	فَتَعْرِفُوْنَهَا	وَ	مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ
اپنی نشانیاں	تو پہچان لو گے تم ان کو	اور	نہیں	تمہارا رب	بے خبر	اس سے	جو تم کرتے ہو

اپنی نشانیاں دکھائے گا پھر تم انہیں پہچان لو گے اور تمہارا رب تم لوگوں کے عملوں سے غافل بھی نہیں ہے۔

اٰیاتها ۸۸ | ۲۸ سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ ۴۹ | رکوعاتها ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ

طٰسٓمٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	نَتْلُوْا	عَلَيْكَ	مِنْ نَّبَاِ
طسم	یہ	آیتیں ہیں	کتاب	روشن کی	پڑھتے ہیں ہم	تم پر	کچھ خبر

طٰسٓمٓ۔ یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی۔ ہم تمہیں موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا حال حق کے

Marfat.com

مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا

مُوْسٰى	وَ	فِرْعَوْنَ	بِالْحَقِّ	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	عَلَا
موسیٰ	اور	فرعون کی	سچی	واسطے قوم	مومن کے	بیشک	فرعون نے	سر اٹھایا

ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں ایسے لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں۔ فرعون نے زمین میں سرکشی کی تھی

فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ

فِي	الْاَرْضِ	وَ	جَعَلَ	اَهْلَهَا	شِيَعًا	يَّسْتَضْعِفُ	طَآئِفَةً	مِّنْهُمْ
میں	زمین کے	اور	بنایا	اسکے رہنے والوں کو	ٹکڑے ٹکڑے	وہ کمزور کرنا چاہتا تھا	ایک گروہ کو	ان میں سے

اور اس کے رہنے والوں کے فرقے بناتا تھا ان کے ایک گروہ کو کمزور کرتا تھا

يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ④

يُذَبِّحُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَيَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ
ذبح کرتا	بیٹے ان کے	اور زندہ رکھتا	بیٹیاں ان کی	بیشک وہ	تھا	فسادیوں سے

ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا بے شک وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا۔

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي

وَنُرِيْدُ	اَنْ	نَّمُنَّ	عَلَى	الَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	فِي
اور ہم چاہتے تھے	یہ کہ	احسان کریں ہم	اوپر	ان کے	جو کمزور بنائے گئے	میں

اور ہم چاہتے تھے کہ احسان فرمائیں ان لوگوں پر جو زمین میں کمزور کر دیئے گئے اور ہم

الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ⑤ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي

الْاَرْضِ	وَ	نَجْعَلَهُمْ	اَئِمَّةً	وَّ	نَجْعَلَهُمُ	الْوٰرِثِيْنَ	وَنُمَكِّنَ	لَهُمْ	فِي
زمین	اور	بنائیں ہم ان کو	پیشوا	اور	بنائیں ہم ان کو	وارث	اور جگہ دیں ہم	ان کو	میں

انہیں پیشوا بنائیں اور انہیں کو وارث کر دیں۔ اور ہم انہیں زمین میں

Marfat.com

الْاَرْضِ وَنُرِیَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا

الْاَرْضِ	وَ	نُرِیَ	فِرْعَوْنَ	وَ	هَامٰنَ	وَجُنُوْدَهُمَا	مِنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا
زمین	اور	دکھائیں ہم	فرعون	اور	ہامان	اوران کے لشکروں کو	ان سے	جو	تھے

استحکام عطا فرمائیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو ان کے ہاتھوں وہ دکھائیں

يَحْذَرُوْنَ ﴿٦﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا

يَحْذَرُوْنَ	وَ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰٓى	اُمِّ	مُوْسٰٓى	اَنْ	اَرْضِعِيْهِ	فَاِذَا
ڈرتے	اور	الہام کیا ہم نے	طرف	ماں	موسیٰ کے	یہ کہ	دودھ پلا اس کو	تو جب

جس سے وہ بچنا چاہتے تھے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو الہام فرمایا کہ اسے دودھ پلاتی رہو پھر جب

خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ

خِفْتِ	عَلَيْهِ	فَاَلْقِيْهِ	فِى الْيَمِّ	وَ	لَا	تَخَافِىْ	وَ	لَا	تَحْزَنِىْ	اِنَّا	رَآدُّوْهُ
تو ڈرے	اس پر	تو ڈال اس کو	دریا میں	اور	نہ	ڈر	اور	نہ	غم کھا	بیشک ہم	لوٹا دینگے اسکو

تجھے اس سے اندیشہ ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ ڈر اور نہ غم کر بے شک ہم انہیں تیری طرف

اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٧﴾ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ

اِلَيْكِ	وَ	جَاعِلُوْهُ	مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	فَالْتَقَطَهٗ	اٰلُ فِرْعَوْنَ
تیری طرف	اور	بنانے والے ہیں	اس کو رسولوں سے	تو پکڑا اس کو	فرعون کے گھر والوں نے

واپس لوٹا دیں گے اور اسے رسولوں میں شامل کریں گے۔ پھر اُسے فرعون کے گھر والوں نے اُٹھا لیا

لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

لِيَكُوْنَ	لَهُمْ	عَدُوًّا	وَّحَزَنًا	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَ	جُنُوْدَهُمَا
تا کہ ہو	ان کے لیے	دشمن	اور غم کا باعث	بیشک	فرعون	اور ہامان	اور	لشکران کے

تا کہ وہ اُن کے لیے دشمن ہو اور غم کا باعث بنے۔ یقیناً فرعون اور ہامان اور اُن

Marfat.com

كَانُوْا خٰطِئِيْنَ ﴿۸﴾ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ

لِّيْ	عَيْنٍ	قُرَّتُ	فِرْعَوْنَ	امْرَاَتُ	قَالَتِ	وَ	خٰطِئِيْنَ	كَانُوْا
میرے لیے	آنکھوں کی	ٹھنڈک ہے	فرعون کی	بیوی نے	کہا	اور	خطا کار	تھے

دونوں کے لشکر خطا کار تھے۔ اور فرعون کی بیوی نے کہا یہ میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے

وَلَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ

هُمْ	وَّ	وَلَدًا	نَتَّخِذَهٗ	اَوْ	يَّنْفَعَنَاۤ	اَنْ	عَسٰۤى	تَقْتُلُوْهُ	لَا	لَكَ	وَ
وہ	اور	بیٹا	بنائیں ہم اس کو	یا	نفع دے ہمیں	یہ کہ	قریب ہے	قتل کرو اس کو	نہ	تیرے لیے	اور

اسے قتل مت کرو ممکن ہے وہ ہمیں فائدہ پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور وہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ

كَادَتْ	اِنْ	فٰرِغًا	مُوْسٰى	اُمِّ	فُؤَادُ	وَاَصْبَحَ	يَشْعُرُوْنَ	لَا
قریب تھی	بیشک	بیقرار	موسیٰ کا	ماں	دل	اور ہو گیا	سمجھتے تھے	نہ

سمجھتے نہ تھے۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل بے قرار ہو گیا اگر ہم اس کے دل کو مضبوط نہ کرتے تو قریب تھا

لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰﴾

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	لِتَكُوْنَ	قَلْبِهَا	عَلٰى	رَّبَطْنَا	اَنْ	لَوْلَاۤ	بِهٖ	لَتُبْدِیْ
یقین کرنے والوں سے	تا کہ ہو	اسکے دل کے	اوپر	ڈھارس بندھاتے ہم	یہ کہ	اگر نہ ہوتا	اس کو	کہ ظاہر کرتی

کہ وہ اس بات کو ظاہر کر دے۔ قصد یہ تھا کہ وہ مومنوں میں سے رہیں (یعنی یقین کرنے والوں میں سے)۔

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ

عَنْ جُنُبٍ	بِهٖ	فَبَصُرَتْ	قُصِّيْهِ	لِاُخْتِهٖ	قَالَتْ	وَ
دور رہ کر	اس کو	تو وہ دیکھتی تھی	پیچھا کر اس کا	اس کی بہن کو	اس نے کہا	اور

اور ان کی والدہ نے ان کی بہن سے کہا موسیٰ علیہ السلام کے پیچھے جاؤ تو سو وہ انہیں دور سے دیکھتی رہی

Marfat.com

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ

وَهُمْ	لَا	يَشْعُرُوْنَ	وَحَرَّمْنَا	عَلَيْهِ	الْمَرَاضِعَ	مِنْ قَبْلُ
اور وہ	نہ	سمجھتے تھے	اور حرام کردیں ہم نے	اس پر	دودھ پلانے والیاں	پہلے سے

اور وہ لوگ بالکل بے خبر تھے۔ اور ہم نے پہلے ہی موسیٰ علیہ السلام پر دائیوں کا دودھ حرام کر رکھا تھا

فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ

فَقَالَتْ	هَلْ	اَدُلُّكُمْ	عَلٰٓى	اَهْلِ	بَيْتٍ	يَّكْفُلُوْنَهٗ	لَكُمْ	وَ	هُمْ	لَهٗ
تو کہا اس نے	کیا	بتاؤں میں تم کو	ایک	رہنے والے	گھر کے	جو اس کو پالیں	تمہارے لیے	اور	وہ	اسکے

تو موسیٰ علیہ السلام کی بہن بولیں کیا میں تمہیں ایسے گھر والوں کی طرف رہنمائی کروں جو تمہارے لئے اس بچے کی پرورش کردیں اور وہ

نٰصِحُوْنَ ﴿۱۲﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ

نٰصِحُوْنَ	فَرَدَدْنٰهُ	اِلٰٓى	اُمِّهٖ	كَيْ	تَقَرَّ عَيْنُهَا	وَ	لَا	تَحْزَنَ
خیر خواہ ہیں	تو لوٹا یا ہم نے اسکو	طرف	اسکی ماں کے	تا کہ	ٹھنڈی ہو اس کی آنکھ	اور	نہ	غم کرے

اس کے خیر خواہ بھی ہوں۔ تو ہم نے انہیں ان کی والدہ کی طرف لوٹا دیا کہ والدہ کی آنکھ ٹھنڈی ہوں

وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع وَلَمَّا بَلَغَ

رکوع ۱

وَ	لِتَعْلَمَ	اَنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	لَمَّا	بَلَغَ
اور	تا کہ جانے	کہ بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	اور لیکن	اکثر ان کے	نہیں	جانتے	اور	جب	پہنچے

اور وہ غمگین نہ ہوں اور جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے

اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي

اَشُدَّهٗ	وَاسْتَوٰٓى	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَّ	عِلْمًا	وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
اپنی جوانی کو	اور زور پر آئے	عطا فرمایا ہم نے اس کو	حکمت	اور	علم	اور	اس طرح	بدلہ دیتے ہیں ہم

اور پورے توانا ہوگئے ہم نے انہیں حکمت اور علم عطا فرمایا اور ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں

Marfat.com

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا

الْمُحْسِنِيْنَ	وَدَخَلَ	الْمَدِيْنَةَ	عَلٰى	حِيْنِ	غَفْلَةٍ	مِّنْ اَهْلِهَا
نیکوں کو	اور داخل ہوا	شہر میں	اوپر	وقت	بے خبری کے	اسکے رہنے والوں کے

نیک لوگوں کو۔ اور وہ شہر میں ایسے وقت داخل ہوئے جب اسکے باشندے (گردوپیش سے) بے خبر تھے

فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ

فَوَجَدَ	فِيْهَا	رَجُلَيْنِ	يَقْتَتِلٰنِ	هٰذَا	مِنْ شِيْعَتِهٖ	وَ	هٰذَا	مِنْ عَدُوِّهٖ
تو پائے	اس میں	دو آدمی	لڑتے	یہ	تو اسکے گروہ کا تھا	اور	یہ	اس کا دشمن تھا

اور وہاں انہوں نے دو آدمیوں کو لڑتے ہوئے پایا یہ اس کی قوم سے تھے اور وہ اسکے دشمنوں سے تھے

فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ

فَاسْتَغَاثَهُ	الَّذِيْ	مِنْ شِيْعَتِهٖ	عَلَى	الَّذِيْ	مِنْ عَدُوِّهٖ
تو مدد مانگی اس سے	اس نے	جو اس کی جماعت کا تھا	اوپر	اس کے	جو اس کا دشمن تھا

پھر جو اس کی قوم سے تھا اس نے اسے اس کے خلاف جو اس کے دشمنوں میں سے تھا مدد کیلئے پکارا

فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ

فَوَكَزَهٗ	مُوْسٰى	فَقَضٰى	عَلَيْهِ	قَالَ	هٰذَا	مِنْ عَمَلِ	الشَّيْطٰنِ
تو گھونسا مارا اسکو	موسیٰ نے	تو کام ہوگیا	اس کا	کہا	یہ ہے	کام	شیطانی

چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اسے ایک گھونسہ مارا اور اس کا کام تمام کر دیا کہنے لگے یہ ایک شیطانی عمل تھا

اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

اِنَّهٗ	عَدُوٌّ	مُّضِلٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ
بیشک وہ	دشمن ہے	گمراہ کرنے والا	کھلا	عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں نے	ظلم کیا	اپنی جان پر

بے شک وہ صاف گمراہ کرنے والا دشمن ہے۔ اور عرض کی میرے رب! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے مجھے بخش دے سو اللہ ﷻ

Marfat.com

فَاغۡفِرۡ لِیۡ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ

بِمَاۤ	رَبِّ	قَالَ	الرَّحِیۡمُ	الۡغَفُوۡرُ	هُوَ	اِنَّهٗ	فَغَفَرَ لَهٗ	فَاغۡفِرۡ لِیۡ
اس جیسے کہ	اے میرے رب	عرض کی	مہربان ہے	بخشنے والا	وہ	بیشک	تو بخش دیا اسکو	تو بخش دے مجھ کو

نے انہیں بخش دیا بے شک وہی بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب!

اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ فَلَنۡ اَکُوۡنَ ظَهِیۡرًا لِّلۡمُجۡرِمِیۡنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصۡبَحَ فِی

فِی	فَاَصۡبَحَ	لِّلۡمُجۡرِمِیۡنَ	ظَهِیۡرًا	اَکُوۡنَ	فَلَنۡ	عَلَیَّ	اَنۡعَمۡتَ
میں	تو صبح کی	مجرموں کا	مددگار	ہوں گا میں	تو کبھی نہ	مجھ پر	احسان کیا تو نے

جیسا تو نے مجھ پر احسان فرمایا تو اب میں ہرگز مجرموں کا مددگار نہ بنوں گا۔ تو اس شہر میں ڈرتے ہوئے

الۡمَدِیۡنَةِ خَآئِفًا یَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِی اسۡتَنۡصَرَهٗ بِالۡاَمۡسِ

بِالۡاَمۡسِ	اسۡتَنۡصَرَهٗ	الَّذِی	فَاِذَا	یَّتَرَقَّبُ	خَآئِفًا	الۡمَدِیۡنَةِ
کل	مدد مانگی تھی آپ سے	وہ جس نے	تو جبھی	انجام کا منتظر	ڈرتے ہوئے	شہر

صبح کی انتظار کرتے ہوئے (کہ اب کیا ہو گا) تو اچانک وہی شخص جس نے کل ان سے مدد مانگی تھی

یَسۡتَصۡرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوۡسٰۤی اِنَّکَ لَغَوِیٌّ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّاۤ اَنۡ

اَنۡ	فَلَمَّاۤ	مُّبِیۡنٌ	لَغَوِیٌّ	اِنَّکَ	مُوۡسٰۤی	لَهٗ	قَالَ	یَسۡتَصۡرِخُهٗ
اس نے	تو جب	کھلا	گمراہ ہے	بیشک تو	موسیٰ نے	اس کو	فرمایا	وہ فریاد کر رہا تھا

(آج پھر) انہیں مدد کیلئے پکار رہا ہے، موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا یقیناً تو صریح گمراہ ہے۔ تو جب موسیٰ علیہ السلام نے

اَرَادَ اَنۡ یَّبۡطِشَ بِالَّذِیۡ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ یٰمُوۡسٰۤی اَتُرِیۡدُ اَنۡ

اَنۡ	اَتُرِیۡدُ	یٰمُوۡسٰۤی	قَالَ	لَّهُمَا	عَدُوٌّ	هُوَ	بِالَّذِیۡ	یَّبۡطِشَ	اَنۡ	اَرَادَ
یہ کہ	کیا چاہتا ہے تو	اے موسیٰ	بولا	ان کا	دشمن تھا	کہ وہ	اس کو	پکڑے	یہ کہ	ارادہ کیا

چاہا کہ اس پر گرفت کرے جوان دونوں کا دشمن ہے وہ بولا اے موسیٰ علیہ السلام کیا تم مجھے ایسا ہی قتل کرنا چاہتے ہو

Marfat.com

تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

تَكُوْنَ	اَنْ	اِلَّآ	تُرِيْدُ	اِنْ	بِالْاَمْسِ	نَفْسًا	قَتَلْتَ	كَمَا	تَقْتُلَنِيْ
ہوتو	یہ کہ	مگر	چاہتا تو	نہیں	کل	ایک آدمی	قتل کیا تو نے	جیسے	قتل کرے مجھ کو

جیسا تم نے کل ایک شخص کو قتل کر دیا تم تو یہی چاہتے ہو کہ

جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ	تَكُوْنَ	اَنْ	تُرِيْدُ	مَا	وَ	فِي الْاَرْضِ	جَبَّارًا
اصلاح کرنے والوں سے	ہوتو	یہ کہ	چاہتا تو	نہیں	اور	زمین میں	سرکش

زمین میں سرکش بنو اور تم اصلاح کرنا نہیں چاہتے۔

وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۫ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ

اِنَّ	يٰمُوْسٰٓى	قَالَ	يَسْعٰى	الْمَدِيْنَةِ	مِّنْ اَقْصَا	رَجُلٌ	جَآءَ	وَ
بیشک	اے موسیٰ	کہا	دوڑتا ہوا	شہر سے	پرلے کنارے	ایک آدمی	آیا	اور

اور شہر کے دوسرے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا کہا اے موسیٰ علیہ السلام! بے شک

الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾

مِنَ النّٰصِحِيْنَ	لَكَ	اِنِّيْ	فَاخْرُجْ	لِيَقْتُلُوْكَ	بِكَ	يَاْتَمِرُوْنَ	الْمَلَاَ
خیر خواہوں میں سے ہوں	آپ کے	بیشک میں	تو نکل جا	کہ قتل کر دیں تجھ کو	تیرے متعلق	مشورہ کرتے ہیں	درباروالے

یہاں پر آپ کے قتل کا مشورہ ہورہا ہے تو نکل جایئے میں آپ کا خیر خواہ ہوں۔

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ

نَجِّنِيْ	رَبِّ	قَالَ	يَّتَرَقَّبُ	خَآئِفًا	مِنْهَا	فَخَرَجَ
نجات دے مجھے	اے رب	عرض کی	انتظار میں	ڈرتا ہوا	اس سے	تو نکلا

پھر موسیٰ علیہ السلام وہاں سے خوف زدہ ہوکر (رب کی مدد) کا انتظار کرتے ہوئے نکل کھڑے ہوئے عرض کیا: "اے میرے

Marfat.com

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى

عَسٰى	قَالَ	مَدْيَنَ	تِلْقَآءَ	تَوَجَّهَ	لَمَّا	وَ	الظّٰلِمِيْنَ	مِنَ الْقَوْمِ
قریب ہے	کہا	مدین کی	طرف	توجہ کی	جب	اور	ظالموں کے	قوم سے

رب! مجھے ظالم لوگوں سے نجات دیدے۔" اور جب انہوں نے مدین کی طرف منہ کیا تو کہنے لگے

رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

مَآءَ مَدْيَنَ	وَرَدَ	لَمَّا	وَ	السَّبِيْلِ	سَوَآءَ	يَّهْدِيَنِيْ	اَنْ	رَبِّيْٓ
مدین کے پانی پر	آیا	جب	اور	راہ	سیدھی	بتائے مجھے	یہ کہ	میرا رب

ممکن ہے کہ میرا رب مجھے سیدھی راہ دکھا دے۔ اور جب مدین کے پانی پر آئے تو اس پر

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۖ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ

مِنْ دُوْنِهِمُ	وَجَدَ	وَ	يَسْقُوْنَ	مِّنَ النَّاسِ	اُمَّةً	عَلَيْهِ	وَجَدَ
ان سے پرے	پائیں	اور	پانی پلاتے	لوگوں سے	ایک جماعت کو	اس پر	پایا

لوگوں کا ہجوم پایا کہ وہ پانی پلا رہے ہیں اور ان سے الگ دو عورتیں پائیں جو اپنی بکریوں کو

امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۖ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

حَتّٰى	نَسْقِيْ	لَا	قَالَتَا	خَطْبُكُمَا	مَا	قَالَ	تَذُوْدٰنِ	امْرَاَتَيْنِ
یہاں تک کہ	پلاتیں ہم	نہیں	بولیں	حال ہے تمہارا	کیا	پوچھا	جو روک رہی تھیں	دو عورتیں

ہٹا رہی تھیں فرمایا تم دونوں کا کیا حال ہے؟ وہ بولیں ہم پانی نہیں پلا سکتیں جب تک چرواہے

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۜ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى

تَوَلّٰٓى	ثُمَّ	لَهُمَا	فَسَقٰى	كَبِيْرٌ	شَيْخٌ	اَبُوْنَا	وَ	الرِّعَآءُ	يُصْدِرَ
پھرا	پھر	ان کو	تو پلا دیا	بڑا	بوڑھا ہے	ہمارا باپ	اور	چرواہے	چلے جائیں

واپس نہ لے جائیں اور ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں کی بکریوں کو پانی پلا دیا پھر

Marfat.com

اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾

اِلَى	الظِّلِّ	فَقَالَ	رَبِّ	اِنِّیْ	لِمَاۤ	اَنْزَلْتَ	اِلَیَّ	مِنْ خَیْرٍ	فَقِیْرٌ
طرف	سائے کی	تو کہا	اے میرے رب	بیشک میں	اس کیلئے جو	اتارے تو	میری طرف	بھلائی سے	محتاج ہوں

سائے کی طرف آ گئے اور عرض کی اے میرے رب! بے شک میں اس خیر و برکت کا محتاج ہوں جو تو میری طرف نازل کرتا ہے۔

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِیْ عَلَى اسْتِحْیَآءٍ٘ قَالَتْ اِنَّ اَبِیْ

فَجَآءَتْهُ	اِحْدٰىهُمَا	تَمْشِیْ	عَلَى اسْتِحْیَآءٍ	قَالَتْ	اِنَّ	اَبِیْ
تو آئی اسکے پاس	ایک ان میں سے	چلتی ہوئی	شرماتی ہوئی	کہنے لگی	بیشک	میرا باپ

تو ان دونوں میں سے ایک شرم و حیا سے چلتی ہوئی اس کے پاس آئی بولی میرا باپ تمہیں

یَدْعُوْكَ لِیَجْزِیَكَ اَجْرَ مَا سَقَیْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ

یَدْعُوْكَ	لِیَجْزِیَكَ	اَجْرَ	مَا	سَقَیْتَ	لَنَا	فَلَمَّا	جَآءَهٗ	وَقَصَّ
بلاتا ہے تجھ کو	تا کہ بدلہ دے تجھے	مزدوری	اسکی جو	پلایا تو نے	ہمارے لیے	تو جب	آیا اسکے پاس	اور بیان کیا

بلاتا ہے کہ تمہیں مزدوری دے اس کی جو تم نے ہمارے جانوروں کو پانی پلایا ہے

عَلَیْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ

عَلَیْهِ	الْقَصَصَ	قَالَ	لَا	تَخَفْ	نَجَوْتَ	مِنَ الْقَوْمِ
اس پر	واقعہ	فرمایا	نہ	ڈر	نجات پائی تو نے	قوم

جب موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس آئے اور اسے (پچھلے) واقعات بیان کیے تو اس نے کہا ڈریئے نہیں آپ

الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا یٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ٘ اِنَّ خَیْرَ

الظّٰلِمِیْنَ	قَالَتْ	اِحْدٰىهُمَا	یٰۤاَبَتِ	اسْتَاْجِرْهُ	اِنَّ	خَیْرَ
ظالم سے	بولی	ایک ان سے	اے میرے باپ	مزدور رکھ لو اس کو	بیشک	بہتر

بچ گئے ظالموں سے۔ اُن دونوں میں سے ایک نے کہا: "اے میرے ابا جان! اُس کو ملازم رکھ لیں۔ یقیناً

Marfat.com

مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّیْۤ اُرِیْدُ اَنْ

اَنْ	اُرِیْدُ	اِنِّیْ	قَالَ	الْاَمِیْنُ	الْقَوِیُّ	اسْتَاْجَرْتَ	مَنِ
یہ کہ	چاہتا ہوں	میں	کہا	امانتدار	طاقتور ہے	تو مزدور رکھے	ان کا جو

بہترین آدمی جسے آپ ملازم رکھیں مضبوط امانت دار ہے۔ اس نے کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو بیٹیوں میں

اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ عَلٰۤى اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمٰنِیَ

ثَمٰنِیَ	تَاْجُرَنِیْ	اَنْ	عَلٰۤى	هٰتَیْنِ	ابْنَتَیَّ	اِحْدَى	اُنْكِحَكَ
آٹھ	مزدوری کرے میری	کہ تو	اس شرط پر	ان میں سے	اپنی دونوں بیٹیوں	ایک کا	نکاح کردوں تجھے

سے ایک کا اس شرط پر تیرے ساتھ نکاح کردوں گا کہ تو آٹھ سال میرے پاس

حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَاۤ اُرِیْدُ اَنْ

اَنْ	اُرِیْدُ	مَاۤ	وَ	فَمِنْ عِنْدِكَ	عَشْرًا	اَتْمَمْتَ	فَاِنْ	حِجَجٍ
یہ کہ	چاہتا میں	نہیں	اور	تو تیرا احسان ہے	دس سال	پورے کرے تو	پھر اگر	برس

اجرت پر کام کرے اور اگر تو دس پورے کر دے تو یہ تیری طرف سے ہوگا اور میں

اَشُقَّ عَلَیْكَ ؕ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ

قَالَ	مِنَ الصّٰلِحِیْنَ	اللّٰهُ	شَآءَ	اِنْ	سَتَجِدُنِیْۤ	عَلَیْكَ	اَشُقَّ
کہا	نیک لوگوں سے	اللہ نے	چاہا	اگر	پائیگا تو مجھے	تجھ پر	سختی کروں

تجھ پر مشقت ڈالنا نہیں چاہتا انشاء اللہ تو مجھے ٹھیک آدمی پائے گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا

ذٰلِكَ بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ ؕ اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ قَضَیْتُ فَلَا عُدْوَانَ

عُدْوَانَ	فَلَا	قَضَیْتُ	الْاَجَلَیْنِ	اَیَّمَا	بَیْنَكَ	وَ	بَیْنِیْ	ذٰلِكَ
زیادتی	تو نہ ہو	میں پوری کروں	دونوں مدتوں سے	جو بھی	آپ کے درمیان	اور	میرے	یہ ہے معاہدہ

یہ میرے اور تیرے درمیان طے ہوا دونوں میں سے جو مدت بھی میں پوری کر دوں

Marfat.com

عَلَيَّ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾ ع فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى

عَلَيَّ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	مَا	نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ	فَلَمَّا	قَضٰى	مُوْسَى
مجھ پر	اور	اللہ	اوپر	اسکے جو	ہم کہتے ہیں	ضامن رہا	پھر جب	پوری کردی	موسیٰ نے

مجھ پر کوئی جبر نہیں ہوگا اور یہ جو ہم کہہ رہے ہیں اللہ اس کا ضامن ہے۔ پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے میعاد پوری کر دی

ع ۲

الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ

الْاَجَلَ	وَ	سَارَ	بِاَهْلِهٖ	اٰنَسَ	مِنْ جَانِبِ	الطُّوْرِ	نَارًا	قَالَ	لِاَهْلِهِ
مدت	اور	لے چلا	اپنی بیوی کو	دیکھا	طرف	طور کی	آگ	کہا	اپنی بیوی سے

اور اپنی بیوی کو لے کر چلے طور کی طرف سے ایک آگ دیکھی اپنی اہلیہ سے فرمایا

امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ

امْكُثُوْۤا	اِنِّيْۤ	اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْۤ	اٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ	جَذْوَةٍ
ٹھہرو	بیشک میں نے	دیکھی ہے	آگ	تا کہ میں	لاؤں تمہارے پاس	اس سے	کوئی خبر	یا	کوئی انگارا

ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں تمہارے پاس اس کی کچھ خبر لاؤں یا آگ کی کوئی چنگاری لے

مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ

مِّنَ النَّارِ	لَعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ	فَلَمَّاۤ	اَتٰهَا	نُوْدِيَ	مِنْ شَاطِئِ
آگ کا	تا کہ تم	تاپو	پھر جب	آئے اسکے پاس	پکارے گئے	کنارے

آؤں تا کہ تم اس سے حرارت حاصل کرسکو۔ پھر جب موسیٰ علیہ السلام آگ کے پاس آئے تو انہیں میدان

الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰۤى

الْوَادِ	الْاَيْمَنِ	فِي	الْبُقْعَةِ	الْمُبٰرَكَةِ	مِنَ الشَّجَرَةِ	اَنْ	يّٰمُوْسٰۤى
میدان	دائیں سے	میں	مقام	برکت والے	درخت سے	یہ کہ	اے موسیٰ

کے داہنے کنارے سے برکت والے مقام میں ایک درخت سے ندا کی گئی کہ اے موسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

إِنِّيٓ أَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا

رَاٰهَا	فَلَمَّا	عَصَاكَ	أَلْقِ	وَأَنْ	الْعٰلَمِيْنَ	رَبُّ	اللّٰهُ	أَنَا	إِنِّيٓ
دیکھا اسکو	تو جب	اپنا عصا	ڈال دے	اور یہ کہ	جہانوں کا	رب	اللہ ہوں	میں	بیشک

بے شک میں ہی اللہ ہوں تمام جہانوں کا پروردگار۔ اور ڈال دے اپنا عصا پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے اسے دیکھا

تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰىٓ أَقْبِلْ

أَقْبِلْ	يٰمُوْسٰىٓ	يُعَقِّبْ	لَمْ	وَّ	مُدْبِرًا	وَّلّٰى	جَآنٌّ	كَأَنَّهَا	تَهْتَزُّ
سامنے آ	اے موسیٰ	پیچھے دیکھا	نہ	اور	پیٹھ دے کر	پھرے	سانپ ہے	گویا کہ وہ	لہراتا

لہراتا ہوا سانپ ہے پیٹھ پھیر کر چل دیے اور مڑ کر نہ دیکھا فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام سامنے آؤ

وَلَا تَخَفْ ۣ إِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ

جَيْبِكَ	فِيْ	يَدَكَ	اُسْلُكْ	مِنَ الْاٰمِنِيْنَ	إِنَّكَ	تَخَفْ	لَا	وَ
اپنے گریبان	میں	اپنا ہاتھ	داخل کر	امن والوں سے ہے	بیشک تو	ڈر	مت	اور

اور ڈرو نہیں بے شک تجھے امان ہے۔ اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو بے عیب نکلے گا

تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۡ وَّاضْمُمْ إِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ

مِنَ الرَّهْبِ	جَنَاحَكَ	إِلَيْكَ	اضْمُمْ	وَّ	سُوْٓءٍ	مِنْ غَيْرِ	بَيْضَآءَ	تَخْرُجْ
ڈر سے	اپنا بازو	اپنی طرف	ملا	اور	تکلیف کے	بغیر کسی	سفید	نکلے گا

سفید چمکتا ہوا اور اپنا ہاتھ اپنے سینہ پر رکھ لو خوف دور کرنے کے لیے

فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ إِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ۭ

مَلَا۟ئِهٖ	وَ	فِرْعَوْنَ	إِلٰى	مِنْ رَّبِّكَ	بُرْهَانٰنِ	فَذٰنِكَ
اسکے سرداروں کی	اور	فرعون	طرف	تیرے رب کی	دو حجتیں ہیں	تو یہ

تو یہ دو دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

Marfat.com

إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فٰسِقِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا

إِنَّهُمْ	كَانُوا	قَوْمًا	فٰسِقِينَ	قَالَ	رَبِّ	إِنِّي	قَتَلْتُ	مِنْهُمْ	نَفْسًا
بیشک وہ	تھے	قوم	بدکردار	عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں نے	قتل کیا ہے	ان کا	ایک آدمی

بے شک وہ نا فرمان ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا میرے رب! میں نے ان کا ایک آدمی مار ڈالا تھا

فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿٣٣﴾ وَأَخِي هٰرُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا

فَأَخَافُ	أَنْ	يَقْتُلُونِ	وَ	أَخِي	هٰرُونُ	هُوَ	أَفْصَحُ	مِنِّي	لِسَانًا
تو ڈرتا ہوں میں	یہ کہ	مجھے قتل کر دیں گے	اور	میرا بھائی	ہارون	وہ	صاف ہے	مجھ سے	زبان میں تو

سو ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے مار ڈالیں گے۔ اور میرا بھائی ہارون علیہ السلام مجھ سے زیادہ خوش بیان ہے

فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُّصَدِّقُنِي إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُّكَذِّبُونِ ﴿٣٤﴾

فَأَرْسِلْهُ	مَعِيَ	رِدْءًا	يُّصَدِّقُنِي	إِنِّي	أَخَافُ	أَنْ	يُّكَذِّبُونِ
بھیج اسے	میرے ساتھ	مددگار جو	میری تصدیق کرے	بیشک میں	ڈرتا ہوں	یہ کہ	وہ مجھے جھٹلا دینگے

سو اسے میرا مددگار بنا کر بھیج کہ میری تصدیق کرے میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے۔

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا

قَالَ	سَنَشُدُّ	عَضُدَكَ	بِأَخِيكَ	وَنَجْعَلُ	لَكُمَا	سُلْطٰنًا	فَلَا
فرمایا	عنقریب مضبوط کرینگے ہم	تیرا بازو	تیرے بھائی سے	اور کرینگے ہم	تمہارے لیے	غلبہ	تو نہ

فرمایا قریب ہے کہ ہم آپ کے بازو کو آپ کے بھائی کے ساتھ مضبوط کر دیں گے اور آپ دونوں کو غلبہ عطا فرمائیں گے تو وہ آپ

يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَا ۚ أَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُونَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا

يَصِلُونَ	إِلَيْكُمَا	بِاٰيٰتِنَا	أَنْتُمَا	وَ	مَنِ	اتَّبَعَكُمَا	الْغٰلِبُونَ	فَلَمَّا
پہنچ سکیں گے	تمہاری طرف	ہماری آیتوں سے	تم	اور	جو	تمہارا پیرو ہوگا	غالب رہو گے	پھر جب

تک نہ پہنچ سکیں گے ہماری نشانیوں کے باعث آپ دونوں اور آپ کی اتباع کرنے والے غالب رہیں گے۔ تو جب

Marfat.com

جَآءَهُمْ مُّوْسٰی بِاٰیٰتِنَا بَیِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًی

مُّفْتَرًی	سِحْرٌ	اِلَّا	هٰذَآ	مَا	قَالُوْا	بَیِّنٰتٍ	بِاٰیٰتِنَا	مُّوْسٰی	جَآءَهُمْ
بنایا گیا	جادو	مگر	یہ	نہیں	بولے	روشن لے کر	ہماری آیتیں	موسیٰ	آیا انکے پاس

موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر پہنچے تو انہوں نے کہا یہ تو گھڑا ہوا جادو ہے

وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰی رَبِّیْٓ اَعْلَمُ

اَعْلَمُ	رَبِّیْٓ	مُوْسٰی	قَالَ	وَ	الْاَوَّلِیْنَ	اٰبَآئِنَا	فِیْٓ	بِهٰذَا	سَمِعْنَا	وَّمَا
خوب جانتا ہے	میرا رب	موسیٰ نے	فرمایا	اور	پہلوں	اپنے باپ دادا	میں	یہ	سنا ہم نے	اور نہیں

اور ہم نے یہ باتیں اپنے پہلے باپ دادا سے نہیں سنیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میرا رب

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰی مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ط

الدَّارِ	عَاقِبَةُ	لَهٗ	تَكُوْنُ	وَمَنْ	مِنْ عِنْدِهٖ	بِالْهُدٰی	جَآءَ	بِمَنْ
گھر	آخرت کا	اس کیلئے	ہوتا ہے	اور جس کیلئے	اسکی طرف سے	ہدایت	لایا	اس کو جو

خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لایا اور جس کیلئے آخرت کا گھر ہو گا

اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَاُ مَا

مَا	الْمَلَاُ	یٰٓاَیُّهَا	فِرْعَوْنُ	قَالَ	وَ	الظّٰلِمُوْنَ	یُفْلِحُ	لَا	اِنَّهٗ
نہیں	درباریو	اے	فرعون نے	کہا	اور	ظالم	کامیاب ہوتے	نہیں	بیشک وہ

بے شک ظالم لوگ کامیاب نہیں ہوتے۔ اور فرعون بولا اے درباریو! میں تمہارے لئے

عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرِیْ ج فَاَوْقِدْ لِیْ یٰهَامٰنُ عَلَی الطِّیْنِ

الطِّیْنِ	عَلَی	یٰهَامٰنُ	فَاَوْقِدْ لِیْ	غَیْرِیْ	اِلٰهٍ	مِّنْ	لَكُمْ	عَلِمْتُ
مٹی کے	اوپر	اے ہامان	تو آگ جلا میرے لیے	سوا اپنے	معبود	کوئی	تمہارے لیے	جانتا میں

اپنے سوا کوئی خدا نہیں جانتا تو اے ہامان میرے لئے مٹی کو پکا کر ایک محل

Marfat.com

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ

وَاِنِّيْ	مُوْسٰى	اِلٰهِ	اِلٰٓى	اَطَّلِعُ	لَّعَلِّيْٓ	صَرْحًا	لِّيْ	فَاجْعَلْ
اور بیشک میں	موسیٰ کے	خدا کی	طرف	دیکھوں	تاکہ میں	ایک محل	میرے لیے	تو بنا

بنا کہ شاید میں موسیٰ کے خدا کو جھانک کر دیکھوں اور بے شک

لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِى الْاَرْضِ

الْاَرْضِ	فِى	جُنُوْدُهٗ	وَ	هُوَ	وَاسْتَكْبَرَ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ	لَاَظُنُّهٗ
زمین	میں	اسکے لشکر نے	اور	اس نے	اور تکبر کیا	جھوٹے لوگوں سے	خیال کرتا ہوں اسکو

میرے گمان میں تو وہ جھوٹا ہے۔ اور اس نے اور اس کے لشکروں نے زمین میں ناحق تکبر کیا

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ

وَجُنُوْدَهٗ	فَاَخَذْنٰهُ	لَا يُرْجَعُوْنَ	اِلَيْنَا	اَنَّهُمْ	ظَنُّوْٓا	وَ	الْحَقِّ	بِغَيْرِ
اور اسکے لشکروں کو	تو پکڑا ہم نے اسکو	نہ لوٹائے جائینگے	ہماری طرف	کہ وہ	خیال کیا انہوں نے	اور	حق کے	بغیر

اور سمجھے کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا

فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

الظّٰلِمِيْنَ	عَاقِبَةُ	كَانَ	كَيْفَ	فَانْظُرْ	فِى الْيَمِّ	فَنَبَذْنٰهُمْ
ظالموں کا	انجام	ہوا	کیسا	تو دیکھ	دریا میں	تو پھینک دیا ہم نے انکو

اور انہیں لہروں میں پھینک دیا پھر دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیسا ہوا۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

الْقِيٰمَةِ	وَيَوْمَ	النَّارِ	اِلَى	يَّدْعُوْنَ	اَئِمَّةً	جَعَلْنٰهُمْ	وَ
قیامت کے	اور دن	آگ کی	طرف	بلاتے ہیں	پیشوا	بنایا ہم نے ان کو	اور

اور ہم نے انہیں پیشوا بنایا جو آگ کی طرف بلاتے ہیں اور قیامت کے دن ان کی

Marfat.com

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ

هُمْ	الْقِيٰمَةِ	يَوْمَ	وَ	لَعْنَةً	الدُّنْيَا	هٰذِهِ	فِيْ	اَتْبَعْنٰهُمْ	وَ	يُنْصَرُوْنَ	لَا
وہ	قیامت کے	دن	اور	لعنت	دنیا	اس	میں	پیچھے لگائی ہم نے انکے	اور	مدد دیے جائینگے	نہ

مدد نہیں کی جائے گی۔ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور قیامت کے دن وہ

مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ

مَآ	مِنْۢ بَعْدِ	الْكِتٰبَ	مُوْسَى	اٰتَيْنَا	لَقَدْ	وَ	مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ
اسکے کہ	بعد	کتاب	موسیٰ کو	دی ہم نے	بیشک	اور	بدحالوں میں سے ہوں گے

بدحالوں میں سے ہوں گے۔ اور ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

رَحْمَةً	وَّ	هُدًى	وَ	لِلنَّاسِ	بَصَآئِرَ	الْاُوْلٰى	الْقُرُوْنَ	اَهْلَكْنَا
رحمت	اور	ہدایت	اور	لوگوں کو	دکھانے والی راہ	پہلے	زمانے	ہلاک کیے ہم نے

موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی لوگوں کے لیے بصیرتیں ہدایت اور رحمت

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى

اِلٰى	قَضَيْنَآ	اِذْ	الْغَرْبِيِّ	بِجَانِبِ	كُنْتَ	مَا	وَ	يَتَذَكَّرُوْنَ	لَعَلَّهُمْ
طرف	حکم بھیجا	جبکہ	غربی کے	طرف	تھا تو	نہیں	اور	نصیحت لیں	تاکہ وہ

تا کہ وہ سبق حاصل کریں۔ اور آپ طور کی جانب مغرب میں موجود نہ تھے جب کہ

مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ لا وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا

اَنْشَاْنَا	لٰكِنَّآ	وَ	مِنَ الشّٰهِدِيْنَ	كُنْتَ	وَمَا	الْاَمْرَ	مُوْسَى
پیدا کیے ہم نے	لیکن	اور	حاضر لوگوں سے	تھے آپ	اور نہیں	رسالت کا	موسیٰ کی

موسیٰ علیہ السلام کو رسالت کا حکم بھیجا اور اس وقت آپ گواہوں میں سے نہ تھے۔ بلکہ ہم نے کئی نسلیں پیدا کیں

Marfat.com

قُرُوۡنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيۡهِمُ الۡعُمُرُ ۚ وَمَا كُنۡتَ ثَاوِيًا فِىۡۤ اَهۡلِ مَدۡيَنَ

قُرُوۡنًا	فَتَطَاوَلَ	عَلَيۡهِمُ	الۡعُمُرُ	وَ	مَا	كُنۡتَ	ثَاوِيًا	فِىۡۤ	اَهۡلِ	مَدۡيَنَ
زمانے	تو دراز ہوئی	ان پر	زندگی	اور	نہیں	تھے تم	ٹھہرنے والا	میں	اہل	مدین

پھر ان پر لمبا زمانہ گزر گیا اور نہ آپ اہلِ مدین میں رہتے تھے

تَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰـكِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنۡتَ بِجَانِبِ

تَتۡلُوۡا	عَلَيۡهِمۡ	اٰيٰتِنَا	وَ	لٰـكِنَّا	كُنَّا	مُرۡسِلِيۡنَ	وَمَا	كُنۡتَ	بِجَانِبِ
پڑھتا	ان پر	ہماری آیتیں	اور	لیکن	ہم ہیں	بھیجنے والے	اور نہیں	تھے تم	جانب

کہ انہیں ہماری آیتیں سناتے بلکہ ہم ہی خبر دینے والے تھے۔ اور آپ طور کے کنارے پر نہ تھے

الطُّوۡرِ اِذۡ نَادَيۡنَا وَلٰـكِنۡ رَّحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ

الطُّوۡرِ	اِذۡ	نَادَيۡنَا	وَلٰـكِنۡ	رَّحۡمَةً	مِّنۡ رَّبِّكَ	لِتُنۡذِرَ	قَوۡمًا	مَّاۤ
طور کی	جب	ہم نے پکارا	اور لیکن	رحمت	تمہارے رب کی	تا کہ ڈراؤ	اس قوم کو کہ	نہیں

جب ہم نے آواز دی لیکن یہ تمہارے رب کی رحمت ہے کہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے پاس

اَتٰٮهُمۡ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوۡلَاۤ اَنۡ

اَتٰٮهُمۡ	مِّنۡ نَّذِيۡرٍ	مِّنۡ قَبۡلِكَ	لَعَلَّهُمۡ	يَتَذَكَّرُوۡنَ	وَ	لَوۡ	لَاۤ	اَنۡ
آیا انکے پاس	ڈرانے والا	تم سے پہلے	تا کہ وہ	نصیحت پکڑیں	اور	اگر	نہ ہوتا	یہ کہ

آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا شاید وہ نصیحت حاصل کریں۔ اور (ہم کوئی رسول نہ بھیجتے) اگر

تُصِيۡبَهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ فَيَقُوۡلُوۡا رَبَّنَا لَوۡ

تُصِيۡبَهُمۡ	مُّصِيۡبَةٌ	بِمَا	قَدَّمَتۡ	اَيۡدِيۡهِمۡ	فَيَقُوۡلُوۡا	رَبَّنَا	لَوۡ
پہنچتی ان کو	مصیبت	بسبب اسکے جو	آگے بھیجا	انکے ہاتھوں نے	تو کہتے ہیں	اے ہمارے رب	کیوں

یہ بات نہ ہوتی کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے ان کے اعمال بد کی وجہ سے جو انہوں نے کئے ہیں تو وہ یہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے

Marfat.com

لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

لَوْ لَآ	اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا	فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	وَ	نَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
نہ	بھیجا تو نے	ہماری طرف	رسول	تو پیروی کرتے ہم	تیری آیتوں کی	اور	ہوتے ہم	ایمان والوں سے

رب! تو نے کیوں نہ بھیجا ہماری طرف کوئی رسول تو ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوْا	لَوْ	لَآ	اُوْتِيَ	مِثْلَ	مَآ	اُوْتِيَ
تو جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	بولے	کیوں	نہ	دیا گیا	مثل	اسکے جو	دیا گیا

پھر جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق آیا وہ (کفارِ مکہ) کہنے لگے کہ اس رسول رحمت ﷺ کو ان (نشانیوں) جیسی (نشانیاں) کیوں نہیں دی گئیں جو

مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا

مُوْسٰى	اَوَ	لَمْ	يَكْفُرُوْا	بِمَآ	اُوْتِيَ	مُوْسٰى	مِنْ قَبْلُ	قَالُوْا
موسیٰ کو	کیا	نہ	انکار کیا انہوں نے	اس کا جو	دیا گیا	موسیٰ کو	پہلے سے	بولے

موسیٰ علیہ السلام کو دی گئیں تھی کیا انہوں نے کفر نہیں کیا تھا ان نشانیوں کے ساتھ جو اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کو دی گئیں تھیں انہوں نے کہا (قرآن اور تورات) دونوں

سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ

سِحْرٰنِ	تَظٰهَرَا	وَقَالُوْٓا	اِنَّا	بِكُلٍّ	كٰفِرُوْنَ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبٍ
دو جادو ہیں	مددگار آپس میں	اور بولے	ہم	ہر ایک کا	انکار کرتے ہیں	فرماؤ	لاؤ	کوئی کتاب

جادو ہیں جو ایک دوسرے کی پشت پناہی کرتے ہیں اور وہ بولے بیشک ہم (دونوں میں سے) ہر ایک کے منکر ہیں۔ اے محبوب ﷺ

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	هُوَ	اَهْدٰى	مِنْهُمَآ	اَتَّبِعْهُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
اللہ کی طرف سے	کہ وہ	زیادہ ہدایت والی ہو	ان سے	میں اسکی پیروی کروں گا	اگر	ہو تم	سچے

فرما دیجیے تو اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ان دونوں کتابوں سے زیادہ ہدایت کی ہو میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم سچے ہو۔

Marfat.com

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ

فَاِنْ	لَّمْ	يَسْتَجِيْبُوْا	لَكَ	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يَتَّبِعُوْنَ	اَهْوَآءَهُمْ	وَمَنْ
پھر اگر	نہ	قبول کریں	تمہارا فرمانا	تو جان لو	کہ اسکے سوا نہیں کہ وہ	پیروی کرتے ہیں	اپنے خواہشوں کی	اور کون

پھر اگر وہ یہ تمہارا فرمانا قبول نہ کریں تو جان لو کہ بس وہ اپنی خواہشوں ہی کے پیچھے ہیں

اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اَضَلُّ	مِمَّنِ	اتَّبَعَ	هَوٰىهُ	بِغَيْرِ	هُدًى	مِّنَ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ
زیادہ گمراہ ہے	اس سے	جو پیروی کرے	اپنی خواہش کی	بغیر	ہدایت کے	اللہ سے	بیشک	اللہ

اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو اپنی خواہش کی پیروی کرے اللہ کی ہدایت سے جدا ہیں

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ

لَا	يَهْدِى	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	لَقَدْ	وَصَّلْنَا	لَهُمُ	الْقَوْلَ	لَعَلَّهُمْ
نہیں	ہدایت دیتا	قوم	ظالم کو	اور	بیشک	مسلسل اتاری ہم نے	ان کیلئے	بات	تاکہ وہ

بے شک اللہ ہدایت نہیں فرماتا ظالم لوگوں کو۔ اور ہم نے اپنا قول انہیں پہنچا دیا ہے

يَتَذَكَّرُوْنَ ؕ ﴿۵۱﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

يَتَذَكَّرُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِهٖ	هُمْ	بِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ
نصیحت پکڑیں	وہ کہ	دی ہم نے انکو	کتاب	اس سے پہلے	وہ	اس پر	ایمان لاتے ہیں

تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

وَ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِهٖٓ	اِنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّنَآ	اِنَّا	كُنَّا
اور	جب	پڑھی جاتی ہے	ان پر	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اس پر	بیشک وہ	حق ہے	ہمارے رب کی طرف سے	بیشک ہم	تھے

اور جب یہ (کتاب) ان پر پڑھی جاتی ہے وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بے شک وہی حق ہے ہمارے رب کی طرف سے

ع ۸ النصف

Marfat.com

مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا

مِنْ قَبْلِهٖ	مُسْلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	يُؤْتَوْنَ	اَجْرَهُمْ	مَّرَّتَيْنِ	بِمَا	صَبَرُوْا
اس سے پہلے ہی	فرمانبردار	یہ	دیے جائینگے	اپنا اجر	دگنا	بدلہ	انکے صبر کا

یقیناً ہم اس سے پہلے ہی فرمانبردار ہو چکے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دو مرتبہ دیا جائے گا ان کے صبر کی بنا پر اور وہ برائی

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِذَا

وَ	يَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ	وَ	اِذَا
اور	وہ ٹالتے ہیں	نیکی سے	برائی کو	اور	اس سے جو	ہم نے دیا انکو وہ	خرچ کرتے ہیں	اور	جب

کو دفع کرتے ہیں بھلائی کے ذریعے اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا وہ اس سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور جب

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز

سَمِعُوا	اللَّغْوَ	اَعْرَضُوْا	عَنْهُ	وَ	قَالُوْا	لَنَآ	اَعْمَالُنَا	وَ	لَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ
سنتے ہیں	بیہودہ بات	منہ پھیرتے ہیں	اس سے	اور	کہتے ہیں	ہمارے لیے	ہمارے عمل	اور	تمہارے لیے	تمہارے عمل

بیہودہ بات سنتے ہیں اس سے منہ موڑ لیتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	لَا	نَبْتَغِي	الْجٰهِلِيْنَ	اِنَّكَ	لَا	تَهْدِيْ	مَنْ
سلام ہو	تم پر	نہیں	ہم چاہتے ہیں	جاہلوں کو	بیشک تو	نہیں	ہدایت دیتا	جسے

تمہارے عمل بس تم پر سلام ہو ہم کو جاہلوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جسے آپ (راہ ہدایت پر لاتا)

اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ج وَهُوَ اَعْلَمُ

اَحْبَبْتَ	وَ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	هُوَ	اَعْلَمُ
تم کہو	اور	لیکن	اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے	چاہے	اور	وہ	خوب جانتا ہے

چاہتے ہیں اسے راہ ہدایت پر آپ خود نہیں لاتے بلکہ جسے اللہ چاہتا ہے (آپکے ذریعے) راہ ہدایت پر چلا دیتا ہے اور وہ راہ ہدایت

Marfat.com

بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰی مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ

مِنْ اَرْضِنَا	نُتَخَطَّفْ	مَعَكَ	الْهُدٰی	نَّتَّبِعِ	اِنْ	قَالُوْٓا	وَ	بِالْمُهْتَدِیْنَ
اپنی زمین	اچک لیے جائیں ہم	تمہارے ساتھ تو	ہدایت کی	پیروی کریں	اگر	بولے	اور	ہدایت پانے والوں کو

پانے والوں سے خوب واقف ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ہمراہ اس ہدایت کی پیروی کریں تو اپنی زمین سے اُچک

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا یُّجْبٰٓی اِلَیْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ

كُلِّ	ثَمَرٰتُ	اِلَیْهِ	یُّجْبٰٓی	اٰمِنًا	حَرَمًا	لَّهُمْ	نُمَكِّنْ	لَمْ	اَوَ
ہر	پھل	اسکی طرف	کھنچے آتے ہیں	امن والے	حرم میں	ان کو	جگہ دی ہم نے	نہ	سے کیا

لئے جائیں کیا ہم نے ان کیلئے ایک پُر امن حرم قائم نہیں کیا جس کی طرف ہر قسم کے پھل ہماری جناب سے رزق بن کر کھنچے چلے

شَیْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

اَهْلَكْنَا	كَمْ	وَ	یَعْلَمُوْنَ	لَا	اَكْثَرَهُمْ	لٰكِنَّ	وَ	مِّنْ لَّدُنَّا	رِّزْقًا	شَیْءٍ
ہلاک کیں ہم نے	کتنی	اور	جانتے	نہیں	اکثر ان کے	لیکن	اور	ہماری طرف سے	رزق ہے	چیز کے

آتے ہیں مگر ان میں اکثر علم نہیں رکھتے ؟ اور ہم نے بہت سی وہ بستیاں تباہ کر دیں جو اپنی عیش عشرت میں اترانے لگی تھیں۔ ہم نے

مِنْ قَرْیَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِیْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

تُسْكَنْ	لَمْ	مَسٰكِنُهُمْ	فَتِلْكَ	مَعِیْشَتَهَا	بَطِرَتْ	مِنْ قَرْیَةٍ
آباد ہوئے	نہ	ان کے گھر	تو یہ ہیں	اپنی معیشت پر	جو اکڑیں	بستیاں

ان کو ہلاک کر ڈالا اب یہ ہیں ان کے گھر جو ان کے بعد کم ہی

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِیْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

رَبُّكَ	كَانَ	مَا	وَ	الْوٰرِثِیْنَ	نَحْنُ	كُنَّا	وَ	قَلِیْلًا	اِلَّا	مِّنْۢ بَعْدِهِمْ
آپ کا رب	ہے	نہیں	اور	وارث	ہم ہی	تھے	اور	تھوڑے	مگر	بعد ان کے

آباد ہوئے اور ہم ہی ان کے وارث ہوئے۔ اور آپ کا رب بستیوں

Marfat.com

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِىْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ج

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	حَتّٰى	يَبْعَثَ	فِىْٓ اُمِّهَا	رَسُوْلًا	يَّتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا
ہلاک کرنے والا	بستیوں کو	یہاں تک کہ	بھیجیں ہم	اس کے مرکز میں	رسول جو	پڑھے	ان پر	ہماری آیتیں

کو ہلاک کرنے والا نہیں جب تک ان بستیوں کے مرکز میں کسی رسول کو نہ بھیج دے جو ان پر ہماری آیتیں پڑھے

وَمَا كُنَّا مُهْلِكِى الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ

وَ	مَا	كُنَّا	مُهْلِكِى	الْقُرٰٓى	اِلَّا	وَ	اَهْلُهَا	ظٰلِمُوْنَ	وَمَآ	اُوْتِيْتُمْ
اور	نہیں	ہم	ہلاک کرنے والے	بستیوں کو	مگر	اس حال میں کہ	اسکے بسنے والے	ظالم ہوں	اور جو	دیے گئے تم

اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر اس حال میں کہ ان کے بسنے والے ظالم ہوں۔ اور جو کچھ (بھی) تمہیں

مِّنْ شَىْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ج وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

مِّنْ	شَىْءٍ	فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	زِيْنَتُهَا	وَ	مَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	خَيْرٌ
کوئی	بھی چیز	تو سامان ہے	زندگی کا	دنیا کی	اور	سنگار	اور	جو	پاس	اللہ کے ہے	بہتر ہے

دیا گیا تو وہ دنیوی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور سب سے

وَّاَبْقٰى ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ

وَّاَبْقٰى	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	اَفَمَنْ	وَّعَدْنٰهُ	وَعْدًا	حَسَنًا	فَهُوَ
اور باقی رہنے والا ہے	کیا پھر نہیں	سوچتے تم	کیا پھر وہ آدمی	کہ جسکو وعدہ دیا ہم نے	وعدہ	اچھا	تو وہ

زیادہ باقی رہنے والا ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ پھر کیا وہ شخص جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہو پھر وہ اُس کو

لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

لَاقِيْهِ	كَمَنْ	مَّتَّعْنٰهُ	مَتَاعَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	ثُمَّ	هُوَ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
ملنے والا ہے اسکو	اس جیسا ہے	کہ فائدہ دیا ہم نے اسکو	سامان	زندگی کا	دنیا کی	پھر	وہ	دن	قیامت کے

پانے والا ہو اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کا فائدہ دیا ہو؟ پھر وہ قیامت کے

Marfat.com

مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ	وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
حاضر کیا جائے گا	اور جس دن	پکارے گا ان کو	تو فرمائے گا	کہاں ہیں	میرے شریک	وہ جو کہ

دن حاضر کیے جانے والوں میں سے ہے۔ اور جس دن انہیں پکارے گا تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

كُنْتُمْ	تَزْعُمُوْنَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ
تھے تم	خیال کرتے	کہیں گے	وہ جو کہ	حق ہوئی	ان پر	بات	اے ہمارے رب	یہ ہیں

جنہیں تم گمان کرتے تھے۔ جن پر بات ثابت ہو چکی وہ کہیں گے:" اے ہمارے ربّ! یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہمیں گمراہ

الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۫ مَا

الَّذِيْنَ	اَغْوَيْنَا	اَغْوَيْنٰهُمْ	كَمَا	غَوَيْنَا	تَبَرَّاْنَآ	اِلَيْكَ	مَا
وہ جنہیں	ہم نے گمرہ کیا	گمراہ کیا ہم نے ان کو	جیسے	ہم گمراہ تھے	ہم بیزار ہیں	تیری طرف	نہیں

کیا۔ ہم نے ان کو اس طرح بہکایا جس طرح ہم خود بہکے ہوئے تھے۔ ہم آپ کے سامنے براءت کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ لوگ

كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

كَانُوْٓا	اِيَّانَا	يَعْبُدُوْنَ	وَقِيْلَ	ادْعُوْا	شُرَكَآءَكُمْ	فَدَعَوْهُمْ
تھے وہ	ہماری	پوجا کرتے	اور فرمایا جائے گا	پکارو	شریکوں اپنے کو	تو پکاریں گے انکو

صرف ہماری عبادت نہیں کرتے تھے"۔ اور کہا جائے گا اپنے شریکوں کو بلاؤ پھر وہ انہیں بلائیں گے

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

فَلَمْ	يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَ	رَاَوُا	الْعَذَابَ	لَوْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا
تو نہ	جواب دیں گے	ان کو	اور	دیکھیں گے	عذاب	کاش	وہ	ہوتے

مگر وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے کاش!

Marfat.com

يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ

اَجَبْتُمُ	مَاذَآ	فَيَقُوْلُ	يُنَادِيْهِمْ	يَوْمَ	وَ	يَهْتَدُوْنَ
جواب دیا تم نے	کیا	تو فرمائے گا	پکارے گا ان کو	جس دن	اور	راہ پاتے

وہ ہدایت پر ہوتے۔ اور جس دن اللہ انہیں پکارکر ارشاد فرمائے گا تم نے رسولوں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ

فَهُمْ	يَوْمَئِذٍ	الْاَنْۢبَآءُ	عَلَيْهِمُ	فَعَمِيَتْ	الْمُرْسَلِيْنَ
تو وہ	اس دن	خبریں	ان پر	تو اندھی ہو جائیں گی	رسولوں کو

کو کیا جواب دیا۔ تو اس دن ان پر پوشیدہ ہو جائیں کی خبریں تو وہ ایک دوسرے سے

لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

فَعَسٰٓى	صَالِحًا	عَمِلَ	وَ	اٰمَنَ	وَ	تَابَ	مَنْ	فَاَمَّا	يَتَسَآءَلُوْنَ	لَا
تو قریب ہے	اچھے	عمل کیے	اور	ایمان لایا	اور	توبہ کی	جس نے	تو وہ	سوال کریں گے	نہ

پوچھ بھی نہ سکیں گے۔ تو وہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھا کام کیا قریب ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

يَشَآءُ	مَا	يَخْلُقُ	رَبُّكَ	وَ	مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ	يَّكُوْنَ	اَنْ
چاہے	جو	پیدا کرتا ہے	تمہارا رب	اور	نجات پانے والوں سے	ہو	یہ کہ

کہ وہ کامیاب ہونے والوں میں سے ہو گا۔ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور جسے چاہے

وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا

عَمَّا	وَتَعٰلٰى	اللّٰهِ	سُبْحٰنَ	الْخِيَرَةُ	لَهُمُ	كَانَ	مَا	يَخْتَارُ	وَ
اس سے	اور بلند ہے	اللہ	پاک ہے	کوئی اختیار	ان کا	ہے	جو	پسند فرماتا ہے	اور

منتخب فرماتا ہے ان بتوں کا کچھ اختیار نہیں اور اللہ تعالیٰ پاک ہے اور بلند و برتر ہے اُس سے

Marfat.com

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾

